اک دن تو میرے گھر میں بھی آ جاؤ خدا را
روتی ہیں مرے ساتھ مرے گھر کی نگاہیں

مدہوش ہوئے ایسے نہ پھر جام کو دیکھا
جس پر بھی پڑیں ساقیٔ کوثر کی نگاہیں

سر سے مرے ڈھل جائیں یہ آلام کے سائے
پڑ جائیں جو اس ماہِ منور کی نگاہیں

مل جائے ترے دامن رحمت کا جو سایہ
کیا میرا بگاڑیں گی کسی شر کی نگاہیں

کیا مجھ کو مٹائے گا نیازیؔ یہ زمانہ
مجھ پر ہیں کسی مرد قلندر کی نگاہیں

O

سامنے ہوں تو برملا کہیے
کہیے کہیے ذرا ذرا کہیے
ان کی منگتوں میں ہے نیازیؔ بھی
یہ بھی محبوب کی عطا کہیے

○

جس کو بھی آپ ﷺ کی محفل سے نکلتے دیکھا
کب اسے چشم دو عالم نے سنبھلتے دیکھا
چاند بھی ٹکڑے ہو آپ ﷺ کی مرضی پا کر
اور خورشید اشارے پہ پلٹتے دیکھا
میرے محبوب کی یادوں نے سنبھالا اس کو!
سر مژ گاں کوئی جب اشک مچلتے دیکھا
حسنِ محبوب خدا تیری صباحت کی قسم
حسنِ یوسف بھی تیرے آگے پگھلتے دیکھا
جتنے سورج بھی یہاں سے اُبھرے وہ آخر ڈوبے
ایک سورج تیری عظمت کا نہ ڈھلتے دیکھا
مٹ گئے تیرے جلائے کو بجھانے والے
جو دیا تو نے جلایا اسے جلتے دیکھا
ہم نے فرزانے زمانے میں بدلتے دیکھے
تیرا دیوانہ نہ بدلا نہ بدلتے دیکھا
اللہ اللہ نیازی یہ نظامِ عالم!
اُنکی ابرو کے اشارے پہ ہی چلتے دیکھا

○

کرم کے بادِل برس رہے ہیں دلوں کی کھیتی ہری بھری ہے
یہ کون آیا کہ ذِکر جس کا نگر نگر ہے گلی گلی ہے

یہ کون بن کر قرار آیا یہ کون جان بہار آیا !
گلوں کے چہرے ہیں نکھرے نکھرے کلی کلی میں شگفتگی ہے

دیئے دلوں کے جلائے رکھنا نبی ﷺ کی محفل سجائے رکھنا
جو راحتِ دِل سکونِ جاں ہے وہ ذِکرِ محمد ﷺ ی ہے

جو گالیاں سن کے دیں دعائیں بروں کو اپنے گلے لگائیں
سراپا لطف و کرم جو ٹھہری وہ میرے آقا کی زندگی ہے

نبی کو اپنا خدا نہ مانو خدا کو ان سے جدا نہ جانو!
ہے اہلِ ایمان کا یہ عقیدہ خدا خدا ہے نبی نبی ہے

میں اپنی قسمت پہ کیوں نہ جھوموں میں کیوں نہ ولیوں کے در کو چوموں
میں نام لیوا ہوں مصطفیٰ کا خدا کے بندوں سے دوستی ہے

ہے دوش پر جن کے کملی کالی وہی تو ہیں دو جہاں کے والی
کوئی سوالی نہ بھیجا خالی یہ بات میرے کریم کی ہے !

نبی کا ہر جا ظہور کہیے ہاں کہیے کہیے ضرور کہیے
اُنہیں من اللہِ نور کہیے یہ چار سو جن کی روشنی ہے

نہ مانگو دنیا کے تم خزینے چلو نیازؔی چلیں مدینے
کہ بادشاہی سے بڑھ کے پیارے نبی کے در کی گداگری ہے

○

دنیا والوں نے ہم کو مار دیا
پھول مانگا تھا ہم کو خار دیا
غم کے ماروں کو یا رسول اللہ
اک ترے ذِکر نے قرار دیا

○

سراپا محبت سراپا عنایت کرم ہی کرم مصطفیٰ بن کے آ
دو عالم کی رحمت دو عالم کی راحت دو عالم کے حاجت روا بن کے آ

کرم بن کے آئے وفا بن کے آئے وہ منبعِ جود و سخا بن کے آ
سجائے ہوئے تاج طٰہٰ کا سر پر محمد حبیبِ خدا بن کر آ

سرِ لامکاں پر ہے ان کی رسائی ،انہیں کا خدا ہے انہیں کی خدائی
وہ عرشوں کے احمد زمین کے محمد ﷺ زمانے کے مشکل کشا بن کے آئے

غریبوں کے والی فقیروں کے داتا رسالت کا گہنا شفاعت کے دولہا
لرزتے لبوں کی دعا بن کے آئے دھڑکتے دلوں کی صدا بن کے آئے

سرِ حشر نادم ہوئیں جب خطائیں، چلیں مصطفیٰ کے کرم کی ہوائیں
خطا کار دیکھے جو فریاد کرتے محمد ﷺ شفیع الوریٰ بن کے آئے

کبھی رنگ لائیں محبت کی باتیں، مدینے کے دن ہوں مدینے کی راتیں
وہ وقت آئے جب کہ پیامِ مدینہ مرے دردِ دِل کی دوا بن کے آئے

نیازیؔ کو اک جام ایسا پلا دے یہیں بیٹھے بیٹھے مدینہ دکھا دے
ترے در کی عظمت کے قربان جاؤں جہاں تاجور بھی گدا بن کے آئے

O

انداز کتنے حسنِ طلب کے بدل گئے
دیوانے کوئے سرورِ دیں سر کے بل گئے
عرضِ تمنا کیلئے جب لب نہ کھل سکے
پیشِ حضور بس مرے آنسو نکل گئے

O

آج روزِ سعید ہو جائے
تیری آقا جو دید ہو جائے
حسن والے نقابِ رخ تو اٹھا
دِل جلوں کی بھی عید ہو جائے

○

سرور انبیاء کی ہے محفل سجی لیجئے کچھ مزا جھومتے جھو
آپ سنتے رہیں میں سناتا رہوں ذِکر صلِّ علیٰ جھومتے جھو

وجہِ تسکین عالم ہے یادِ نبی دافع رنج والم ہے میلاد
آپ بیٹھیں سجا کر ذرا بزم کو ہو گی رحمت خدا جھومتے جھو

ایک بھی اپنے دامن میں نیکی نہ تھی آنکھ میں اشک تھے لب پہ نعت
مجھ کو ان کے کرم نے سہارا دیا ان کی آئی عطا جھومتے جھو

گرنے والے ہیں جتنے سنبھل جائینگے انکے عشاق سن کر مچل جائینگے
کملی والے کی زلفوں کی لے کر مہک چل پڑی ہے ہوا جھومتے جھو

کچھ نواسوں کا صدقہ عطا کیجئے ہم فقیروں کے دامن کو بھر دیجئے
نام سن کر ترا تیرے دربار کا آگئے ہیں گدا جھومتے جھومتے

دل کے گلشن میں باد بہاری چلی شاخِ اُمید کی ہر کلی کھل گئی
فصل پت جھڑ میں یوں دیکھتے دیکھتے ابرِ رحمت اٹھا جھومتے جھومتے

عاشقو حاصل زندگی یہی زندگی ہے یہی زندگی کی قسم بندگی ہے یہی
ہر گھڑی ہو زباں سے نیازؔی اگر مدحتِ مصطفیٰ جھومتے جھومتے

○

جو غلامِ رسول ہوتے ہیں
آدمی با اصول ہوتے ہیں
راہِ طیبہ کے خار کیا کہنا
نگہِ عاشق میں پھول ہوتے ہیں

○

فضلِ مولا کے طلبگار مدینے دیکھے
عشق محبوب کے بیمار مدینے دیکھے

ہر گھڑی صلِ علیٰ کی ہیں صدائیں ہر سو
ذِکر کرتے درو دیوار مدینے دیکھے

چشم حیرت کو بھی حیرت میں تھا ڈوبے پایا
جس گھڑی مجھ سے گنہ گار مدینے دیکھے

دیکھ کر ساقیٔ کوثر کا کھلا میخانہ
سر بسجدہ سبھی میخوار مدینے دیکھے

مستیاں جلوۂ محبوب پہ قربان ہوئیں
جھومتے کوچہ و بازار مدینے دیکھے

جس کو ملتی نہیں تسکین زمانے میں کہیں
وہ ذرا جا کے بس اک بار مدینے دیکھے

چشم خورشید نے جب دیکھا تو دیکھا نہ گیا
اللہ اللہ وہ انوار مدینے دیکھے

اُنکی یادوں سے ہیں روشن میرے اشکوں کے چراغ
داغِ حسرت بھی ضیا بار مدینے دیکھے

راستے ایسے مہکتے ہیں کہ گذرے ہیں حضور ﷺ
ہر قدم پر کھلے گلزار مدینے دیکھے

یا نبی اتنے نیازیؔ کے وسائل کر دے
زندگی میں تیرا دربار مدینے دیکھے

○

پلانے کی تمنا ہے نہ پینے کی تمنا ہے
میرے مولا میرے دِل میں مدینے کی تمنا ہے
وہ دن آئے ترے محبوب کا پیارا نگر دیکھوں
تجلی یار کی جن میں ہے وہ دیوار و در دیکھوں
جھکا محبوب کا چوکھٹ پہ میں اپنا یہ سر دیکھوں
دیار سرور عالم میں جینے کی تمنا ہے، میرے مولا .
جو یاد مصطفیٰ میں ہو بسر وہ زندگی دیدے
تو اپنے گھر نبی کے در کی یارب حاضری دیدے
مدینے کی زمین دیدے محمد ﷺ کی گلی دیدے
نہ دنیا کے کسی ہیرے نگینے کی تمنا ہے میرے مولا ...
جہاں ہم غمزدوں کے مونس و غمخوار رہتے ہیں
جہاں سرکار دو عالم نبی مختار رہتے ہیں
جہاں پیارے نبی سرور کے پیارے یار رہتے ہیں
میرے دِل میں اسی جنت کے زینے کی تمنا ہے، میرے
مولا......

درِ محبوب پہ جلوؤں کی ہم برسات دیکھیں گے
وہاں کے نور برساتے ہوئے دِن رات دیکھیں گے
مچلتے ہیں وہاں پر کس طرح جذبات دیکھیں گے
یہی دِل کی یہی پُر سوز سینے کی تمنا ہے، میرے مولا ......
دعا میں نے یہی رو رو کے رب العالمین مانگی!
ہے کوئے یار میں رہنے کو تھوڑی سی زمین مانگی!
کوئی تجھ سے خدا وندا خدائی تو نہیں مانگی!
امیروں کے نہ شاہوں کے خزینے کی تمنا ہے، میرے مولا ......
میں ہوں بے آسرا تو اپنی رحمت کا سہارا دے
نیازؔی کی بھی آنکھوں کو مدینے کا نظارا دے
تو میرا نا خدا ہے میری کشتی کو کنارا دے
جو لے جائے مدینے اس سفینے کی تمنا ہے
میرے مولا میرے دِل میں مدینے کی تمنا ہے

O

کیا کیا نہ دیا کیا کیا نہ ملا ذرّے کو گوہر کر ڈالا
یہ انکی موج ہے جب چاہا قطرے کو سمندر کر ڈالا
کیونکر ہو نیازؔی ہم سے ادا حق، حق کی عنایت عظمیٰ کا
ہم جیسے نکموں کو اس نے مداح پیمبر کر ڈالا

○

ایک سے ایک نئی بات مدینے دیکھی
نور کے ہالے میں ہر رات مدینے دیکھی

مچلے مچلے ہوئے جذبات مدینے دیکھے
دم بخود میں نے ہر اک ذات مدینے دیکھی

فرش والوں کے در پاک پہ دیکھے ہیں، ہجوم!
عرش والوں کی بھی بارات مدینے دیکھی

لے گیا حسنِ تصور مجھے جب کوئے نبی!
خوب رحمت بھری برسات مدینے دیکھی

عاصیو جان بھی جائے تو مدینے جاؤ!
بٹتی بخشش کی ہے خیرات مدینے دیکھی

یوں تو ہر شہر کی سوغاتیں ہوا کرتی ہیں
وہ کہاں ہو گی جو سوغات مدینے دیکھی

سایۂ گنبد خضریٰ میں نیازؔی میں نے !
مانگنے والوں کی بہتات مدینے دیکھی

O

اوہدی شان ہے دو جہانان توں عالی
دو عالم اوہدے ہیں در دے سوالی
کیہڑے کیہڑے دی میں کراں گل نیازؔی
کوئی وی نہ مڑیا اوہدے در توں خالی

○

جب دیکھو درِ مصطفیٰ پر ابر رحمت کے چھائے ہوئے ہیں
دست بستہ کھڑے ہیں ملائک انبیاء سر جھکائے ہوئے ہیں

سب کا داتا ہے تو ہم سوالی لاج رکھیو مدینے کے والی
لے کے کاسے نگاہوں کے خالی تیری محفل میں آئے ہوئے ہیں

ان کی چوکھٹ پہ اللہ اکبر دیکھنے میں یہ آئے ہیں منظر
تاجور بھی گداؤں میں مل کر اپنے دامان بچھائے ہوئے ہیں

یہ مقدر کہاں ہر نظر کے کوئی ہو آنکھ والا تو دیکھے
جو لگے ان کے قدموں سے ذرّے اب تلک جگمگائے ہوئے ہیں

ہے یہی کشتیٔ دِل کا ساحل ہے یہی زندگانی کا حاصل
یادِ محبوب ربُ العلیٰ کی ہم جو دِل میں بسائے ہوئے ہیں

والئی دو جہاں اک نظر ہو ہم غلاموں کی جانب گذر ہو
ذکر سے تیرے شاہِ مدینہ تیری محفل سجائے ہوئے ہیں

جام کوثر کے ساقی سے پینے بادہ کش جا رہے ہیں مدینے
ہم کو پوچھا نہ اب تک کسی نے مات قسمت سے کھائے ہوئے ہیں

ہم کو کیا جو ہوا کوئی سلطاں ہم تو ہیں اس کرم پر ہی نازاں
ان کے بن کر گدا جو نیازیؔ بخت اپنے جگائے ہوئے ہیں

O

نور ہی نور ہے مدینے میں
جلوۂ طور ہے مدینے میں
ہے نیازیؔ یہ معجزہ ان کا
غم بھی مسرور ہے مدینے میں

○

چلو دامن میں بھر لائیں کرم کوئے پیمبر سے
کرم کی بھیک ملتی ہے اسی گھر سے اُسی در سے

دلوں کے گلستاں مہکے بہار آئی خیالوں میں
نبی کی یاد جب گذری مرے حسن تصور سے

شہنشاہ مدینہ کی ہے شاہی دونوں عالم پر
خدائی پل رہی ہے رحمت عالم کے لنگر سے

نگاہوں میں خدا جانے کوئی نہیں جچتا کوئی منظر
نگاہیں آشنا جب سے ہوئیں خضریٰ کے منظر سے

امیدِ صبح پر چھائے شبِ تاریک کے سائے
حجابِ نور سرکاؤ ذرا روئے منور سے

سکونِ دلِ قرارِ جاں ہے ذکرِ سرورِ عالم
نرالا کیف ملتا ہے نبی کے ذکرِ انوار سے

نہ دیکھی جائے گی حالت غلاموں کی سرِ محشر
پلائیں گے وہ بھر بھر جامِ کوثر حوضِ کوثر سے

کوئی مشکل پڑے مجھ کو وہ اکثر آ ہی جاتے ہیں
میں جب آواز دیتا ہوں نبی کو دیدۂ تر سے

یہ سب صدقہ ہے محبوبِ دو عالم کے پسینے کا
جو میٹھی سی مہک آتی ہے کستوری و عنبر سے

نظر فرمایئے ایسی میری دنیا سنور جائے
غمِ عقبیٰ کا طوفان بھی گذر جائے میرے سر سے

ملیں گے بعد مرنے کے نبی کی نعت کے گجرے
نیازیؔ بس یہی نکلے گا سرمایہ مرے گھر سے

○

رُخ پہ رحمت کا جھومر سجائے کملی والے کی محفل سجی ہے
مجھ کو محسوس یوں ہو رہا ہے ان کی محفل میں جلوہ گری ہے

نعت حسنِ شہِ دوسرا ہے نعت ہی ذِکرِ ربّ العلیٰ ہے
نعت لکھنا میری زندگی ہے نعت کہنا میری بندگی ہے

مفلسو تم اگر چاہتے ہو ہو زیارت درِ مصطفیٰ کی گلی ہے
دل کی جانب نگاہیں جھکا لو سامنے مصطفیٰ کی گلی ہے

جب نہ آئے تھے وہ شاہِ شاہاں سونی سونی تھی یہ بزمِ اِمکاں
ان کے آنے سے رونق ہوئی ہے ان کے آنے سے بگڑی بنی ہے

مجھ کو فکرِ شفاعت ہو کیونکر دو کریموں کا سایا ہے سر پر
اک طرف رحمتِ مصطفیٰ ہے اک طرف لطف ربّ جلی ہے

حسنِ معراج کی رات دیکھو نور والے کی بارات دیکھو
ہر طرف چاندنی چاندنی ہے ہر طرف روشنی روشنی ہے

وہ سماں کیسا ذیشان ہو گا جب خدا مصطفیٰ سے کہے گا
اب تو سجدے سے سر کو اُٹھالو آپ کی ساری اُمت بری ہے

واسطہ سیّد کربلا کا واسطہ فاطمہ کی ردا کا
ہمری جھولی بھی سرکار بھردو آپ نے سب کی جھولی بھری ہے

دل کے گلشن کی مہکی فضائیں وجد میں ہیں نیازیؔ ہوائیں
اُن کے حسنِ تصور سے میرے دِل کی آباد بارہ دری ہے

○

ہر گھڑی محبوب کی صفت و ثنا کرتے رہو
عاشقو فرض محبت یوں ادا کرتے رہو

سید الکونین کا ہے ذکر جان بندگی!
منشاء خالق ہے ذکرِ مصطفیٰ کرتے رہو

دل میں ہو یادِ خدا اور لب پہ ہو نامِ رسول
اس طرح تم دردِ عصیاں کی دوا کرتے رہو

کعبۂ دِل کو ہیں بخشیں جس مکیں نے رونقیں
اپنے من میں ڈوب کر اس کا پتہ کرتے رہو

ساری دنیا روٹھ جائے کچھ نہیں پرواہ مگر!
مرشدِ کامل نہ روٹھے یہ دعا کرتے رہو

ہے یہی عادت یہی سنت مرے محبوب کی
مانگنے والوں کو کچھ نہ کچھ عطا کرتے رہو

آرہی ہے دم بدم کربل کی وادی سے صدا
عشق والو عشق میں سب کچھ فدا کرتے رہو

ایک دِن بلوا ہی لیں گے اپنی چوکھٹ پر حضور
تم نیازؔی ہر گھڑی بس التجا کرتے رہو

○

کتنے رنگین تری محفل کے نظارے ہوں گے
جب تیرے گرد تیرے یار پیارے ہوں گے

دیکھ کر حسن ترا ایسے گماں ہوتا ہے
دستِ قدرت نے ترے نقش سنوارے ہونگے

وہ گذر جائے گا آرام سے ہر منزل سے
جسکو حاصل تری رحمت کے سہارے ہونگے

جب بھی سرکار دو عالم نے بلایا مجھ کو
اوج پر پھر ہی تو قسمت کے ستارے ہونگے

سن ہی لیں گے وہ میرے دِل کا فسانہ اک دن
اک نہ اک روز رحمت کے اشارے ہوں گے

دَر بدر پھرتے رہیں گے یونہی مارے مارے
یا نبی ﷺ آپ کے نظروں کے جو مارے ہونگے

مجھ گنہ گار پہ کھل جائے گا جب باب کرم
پورے اس دن میرے ارمان یہ سارے ہونگے

ایک تو ہی تو سہارا ہے نیازؔی کا شہا
چھوڑ کر تجھ کو مرے کیسے گذارے ہوں گے

○

خدا سے جو بھی مانگو تم بنامِ مصطفیٰ مانگو
رے او مانگنے والو مدینے کی دعا مانگو
خدائی کے خزانے خود نبی تقسیم کرتے ہیں!
چلو تم بھی نیازؔی ان سے رحمت کی عطا مانگو

○

تیری عظمت کا ہر اک دور میں چرچا دیکھا
حسنِ کونین ترے آگے ہے پھیکا دیکھا

انبیاء اولیا محتاج و غنی شاہ و گدا
سب کو دربار محمد کا ہی منگتا دیکھا

جس کے دیدار کو پہنچے تھے سرِ طور کلیم
ہم نے محبوب کے جلووں میں وہ جلوہ دیکھا

کس کے آنے سے معطر ہے فضائے عالم!
رقص میں آج ہر اک جھونکا ہوا کا دیکھا

رُک گئے خود ہی اِدھر آ کے خزاؤں کے قدم
باغِ دِل پر جو تیری یاد کا سایا دیکھا

یوں تو عالم میں حسینوں سے حسین دیکھے ہیں
اک مگر چشم دو عالم نے نہ تجھ سا دیکھا

عالمِ خواب میں جس وقت تصور نے میرے
آنکھ کھولی تو مدینے کا نظارا دیکھا

کیف و مستی میں نیازی ہے یہ محفل ساری
ذکرِ محبوب کا کیا رنگ نرالا دیکھا

O

جب زبان اعتراف کرتی ہے
رحمت حق معاف کرتی ہے
جن کے دِل میں ہو یادِ صلے علیٰ
ان کا رحمت طواف کرتی ہے

○

دل میں پیارے نبی کی ہیں یادیں لب پہ ہو اللہ ہو کی صدا ہے
دونوں عالم کی دولت ہے گھر میں یہ کرم گر نہیں ہے تو کیا ہے

جب سے کی ہے نبی کی گدائی مل گئی مجھ کو ساری خدائی
میرے ساقی نے ایسی پلائی اپنی قسمت پہ دِل جھومتا ہے

یہ سمے نوری نوری سہانے گونجے صلے علیٰ کے ترانے
لوٹ لو رحمتوں کے خزانے عاصیو محفل مصطفیٰ ہے

شانِ محبوب اللہ اکبر انجم و طٰہٰ مدثر منور
اللہ اللہ حسنِ پیمبر جس پہ ساری خدائی فدا ہے

تجھ سے ظاہر ہوئی کبریائی تو نہ ہوتا نہ ہوتی خدائی!
شان ہر اک نبی نے ہے پائی آپ کی شان سب سے جدا ہے

سن فسانہ کبھی غمزدوں کا صدقہ دے مجھ کو بھی لاڈلوں کا
کیوں میں در در پہ دامن بچھاؤں یہ گدا تیرے در کا گدا ہے

بڑھ کے شاہی سے ان کی گدائی ان کی ہے دو جہاں میں دہائی
اس پہ راضی خدا کی خدائی جس پہ راضی حبیبِ خدا ہے

سب کا غنچۂ دِل اب کھلے گا جو بھی مانگے گا کوئی ملے گا
ان کی محفل سے مایوس اٹھ کر آج تک نہ کوئی بھی گیا ہے

پار ہوں حسرتوں کے سفینے اب تو بلواؤ آقا مدینے
غم کے مارے نیازیؔ کو آقا بس تیرے نام کا آسرا ہے

○

آقا تیری محفل کا ہے رنگ جدا گانہ
ہم نے تو جسے دیکھا دیکھا ترا دیوانہ

نظروں سے ملا نظریں بھر دے مرا پیمانہ
آباد خدا رکھے ساقی ترا میخانہ

آتے ہیں شہنشاہ بھی کشکول لئے در پر
کس شان کا ہے تیرا دربار کریمانہ

جی چاہتا ہے ان کے قدموں سے لپٹ جاؤں
وہ دیکھ کے فرمائیں دیوانہ ہے دیوانہ

دنیا کے ولی ہم نے یوں در پہ کھڑے پائے
ہونٹوں پہ ہیں فریادیں حالت ہے فقیرانہ

عظمت ہو بیاں کیسے دربارِ رسالت کی
جبریلؑ بھی آتے ہیں جس در پہ غلامانہ

سرکار نیازیؔ کا دامانِ طلب بھر دو
حسنینؓ کے صدقے سے مایوس نہ لوٹانہ

○

ترے دیوانے آئے بیٹھے ہیں
دامنِ دل بچھائے بیٹھے ہیں
آ بھی جاؤ کہ دید ہو جائے
تیری محفل سجائے بیٹھے ہیں

○

محفل میں محمد کی عطا مانگ کے جانا
آئے ہو تو عصیاں کی دوا مانگ کے جانا

ایمان و محبت کے مہک جائیں گے گلشن
سرکار کے کوچے کی ہوا مانگ کے جانا

کلیوں نے بھی پھولوں نے بھی پھیلائے ہیں دامن
کچھ اپنے لئے بھی تو صبا مانگ کے جانا

تڑپائے گی محشر میں بڑی گرمیٔ محشر
اپنے لئے رحمت کی گھٹا مانگ کے جانا

آجائے جسے سن کے محمد کی سواری
وہ درد بھری آج صدا مانگ کے جانا

اے چشم گنہ گار بہا اشکِ ندامت
تو حسنِ شفاعت کی رضا مانگ کے جانا

وہ جینا بھی کیا جینا جو بن یار ہو جینا
محبوب کی چوکھٹ پہ قضا مانگ کے جانا

ہم آئیں مدینہ میں کبھی شاہِ مدینہ
بھیگی ہوئی پلکوں سے دعا مانگ کے جانا

محبوبِ خدا سرورِ عالم کے وسیلے
اے عاصیو تم فضل خدا مانگ کے جانا

تاریکیٔ شب نور کے سانچے میں ڈھلی ہو
حسنِ شہِ والا کی ضیا مانگ کے جانا

یہ محفل سرکارِ دو عالم ہے نیازیؔ
ہو خاتمہ بالخیر دعا مانگ کے جانا

○

جن کے لب پہ رہے ذکر صلے علیٰ ان کی حسن مقدر کی کیا بات ہے
جس میں جلوے ہوں طیبہ کے ہردم بسے ایسے پیارے تصور کی کیا بات ہے

جشن معراج کی ابتدا دیکھئے شان محبوب رب العلیٰ دیکھئے
آگے محبوب رب انبیاء پیچھے سب صحن اقصیٰ کے منظر کی کیا بات ہے

جسکی چوکھٹ پہ جلوؤں کی بارش رہے جسکے ٹکڑوں پہ سب کا گذارا ہے
جس کے در پہ خدا کی خدائی جھکے اس کے دربارِ اطہر کی کیا بات ہے

نفسی نفسی کی محشر میں ہو گی ندا اُمتی اُمتی ہو گی ان کی صدا
جس کی چاہے گا خالق بھی اس دن رضا ایسے شافعِ محشر کی کیا بات ہے

ایک وہ جن کی حسرت ہے دربار کی ایک وہ جن کی ہردم رہی حاضری!
جن کی دولت ملی تیرے دِیدار کی ان کے بختِ سکندر کی کیا بات ہے

ہے نیازؔی پہ کتنا کرم آپ کا نعت خوانی سے مجھ کو مشرف کیا
اپنی رحمت سے پھر شیخ کامل دیا ان کے لطفِ مکرر کی کیا بات ہے

○

جو تیرے نام کی تسبیح کیا کرتے ہیں
ہاں وہی لوگ ہیں جو مر کے جیا کرتے ہیں
کوئی تجھ پر نہیں راضی تو نیازی نہ سہی
کرنے والے تو خدا کا بھی گلہ کرتے ہیں

○

چاند تاروں کی بات ہوتی ہے
سامنے جب وہ ذات ہوتی ہے
ایسے لگتا ہے دن نکل آیا!
جب مدینے میں رات ہوتی ہے

○

محمد مصطفیٰ کے در کا تو ادنیٰ گدا بن جا
ملیں گے دو جہاں تجھ کو طلب کی انتہا بن جا
کرم پر پھر کرم ہو گا عطاؤں پر عطا ہو گی
درِ محبوب پہ جا کر تو حرفِ التجا بن جا

○

گذری جدھر جدھر سے سواری حضور کی
تھی کیفیت وہیں وہیں کیف و سرور کی
روشن ہیں جو فلک پہ ستاروں کے قمقمے
پھیلی ہوئی ہے روشنی آقا کے نور کی
جلوہ فگن ہیں روضہ اطہر کی اوٹ میں
لیکن خبر وہ رکھتے ہیں نزدیک و دُور کی
ہے ذِکر کیا چھڑا میرے آقا کے نور کا
نورانیت میں ڈھل گئی محفل حضور کی
رحمت کی بھیک دو گے بس اتنی سی آس پر
ڈالی سجا کے لایا ہوں جرم و قصور کی
اللہ رے یہ عظمت دربارِ مصطفیٰ
گردن جھکی ہوئی ہے ہر اک باشعور کی
جو بھی کسی نے مانگا نیازی حضور سے
حسنِ طلب کریم نے پوری ضرور کی

آمد مصطفیٰ اللہ اللہ گونجے ہر سو ترانے خوشی کے
فرش سے لے کے عرش بریں تک جگمگائے دیئے روشنی کے

بس رہا ہے نظر میں مدینہ دِل میں ارمان ہیں حاضری کے
روتے روتے مدینے کی والی بیت جائیں نہ دن زندگی کے

میرا جینا بھی ہے کوئی جینا مجھ سے ہے دُور تیرا مدینہ
جیتے جی وہ گھڑی بھی تو آئے دیکھ لوں جلوے تیری گلی کے

تاجِ شاہی غلاموں کے سر پر اپنے گھر میں ہیں فاقے برابر
دونوں عالم کے مختار ہو کر گھر میں سامان ہیں سادگی کے

میری امت پہ کردے عطائیں بخش دے مولا سب کی خطائیں
مصطفیٰ کر رہے ہیں دعائیں بخت دیکھو ذرا امتی کے

انبیاء ان کے مداحت سرا ہیں وہ حدو خرد سے وریٰ ہیں
جز خدا کے کوئی بھی نہ سمجھا مرتبے کملی والے نبی کے

عمر فاروقؓ، صدیقؓ پیارے ہیں محمد کی آنکھوں کے تارے
قبر میں اپنے ساتھی بنا کر کر دیئے حق ادا دوستی کے

پیروی سرور انبیاء کی ہے عبادت یہی تو خدا کی!
جس نے دیکھی گلی مصطفیٰ کی اس نے لوٹے مزے بندگی کے

غم کے ماروں کا تو آسرا ہے تو نیازی کا مشکل کشا ہے
میرے مالک مجھے اتنا دیدے کوئی شکوے رہیں نہ کمی کے

○

نام احمد کی جو رو رو کے دہائی دیں گے
کملی والے انہیں ہر غم سے رہائی دیں گے

آؤ دیتے ہیں صدا ہم بھی نیازی در پر
وہ خدا کے ہیں فقیروں کو خدائی دیں گے

○

اک روز ہو گا جانا سرکار کی گلی میں
ہو گا کبھی ٹھکانا سرکار کی گلی میں

آنکھیں تو دیکھنے کو پہلے ہی مضطرب تھیں
دل بھی ہوا روانہ سرکار کی گلی میں

گو پاس کچھ نہیں ہے لیکن یہ دیکھ لے گا
اک دن مجھے زمانہ سرکار کی گلی میں

کبھی ہو حسین تصور کبھی خود میں جاؤں چل کر
رہے یونہی آنا جانا سرکار کی گلی میں

ہیں کہیں خزاں کے پہرے کہیں دو گھڑی بہاریں
موسم سدا سہانا سرکار کی گلی میں!

دل میں نبی کی یادیں لب پر نبی کی نعتیں
جانا تو ایسے جانا سرکار کی گلی میں

یہی رسمِ عاشقی ہے یہی جان بندگی ہے
سر رکھ کے نہ اٹھانا سرکار کی گلی میں

سمجھیں گے ہم نیازیؔ ان کی کرم نوازی
جس دن ہوئے روانہ سرکار کی گلی میں

○

ان کی رحمت کا آسرا مانگو
مانگو مانگو یہی دُعا مانگو
جو بھی مانگو اے مانگنے والو
صدقۂ نامِ مصطفیٰ مانگو

○

وہ مہرباں ہوا کبھی نا مہرباں نہیں
صحنِ چمن پہ سایہ دستِ خزاں نہیں

کیف و سرور میں ہے ہر اک شے ڈھلی ہوئی
ان کا کرم بتاؤ کہاں ہے کہاں نہیں

کون و مکاں کی منزلیں یکساں تیرے لئے
تیری زمین نہیں کہ ترا آسمان نہیں

اُن کی نوازشیں ہیں یہ ان کی عنائتیں
میں محوِ گفتگو ہوں کوئی درمیاں نہیں

لو آگئے وہ بن کے میرے غم کا آسرا
الحمد میرا گریۂ غم رائیگاں نہیں

اللہ رے یہ عظمت و رفعت تمہارے بعد
گذرا بسوئے عرش کوئی میہماں نہیں

تیرے ہی دم سے دونوں جہاں کی ہیں رونقیں
تو ہے تو یہ جہاں ہے وگرنہ جہاں نہیں

بندہ نواز مجھ پہ بھی بندہ نوازیاں
اے آقا کیا نیازی ترا مدح خواں نہیں

o

سوئے طیبہ نظر گئی ہو گی
دل کی دنیا سنور گئی ہو گی
دیکھ کر پاس میرے جانِ حیات
موت ایسے میں مر گئی ہو گی

○

دم میں دم تھا پر مری بے دم سی کیفیت رہی
سامنے جب تک وہ میرے چاند سی صورت رہی

رقص کرتی ہی رہیں میرے چمن پر بجلیاں!
وہ تو یوں کہیئے کہ مجھ پر یار کی رحمت رہی

رحمت عالم کی رحمت کا نظارا دیکھ کر!
باہیں کھولے عاصیوں کی منتظر جنت رہی

تاجداروں نے بھی چوما اس کے تلووں کا غبار
جس کے دامن میں نبی کے عشق کی دولت رہی

مانگنے والوں کو دینا ان کی حاجت سے سوا
سرورِ کون و مکاں کی بس یہی عادت رہی

تھی عبادت بھی بڑی شے پر وہی بخشا گیا!
جس کے دِل میں سیّد کونین کی الفت رہی!

کاش میں بھی دیکھتا طیبہ کے گلشن کی بہار
کروٹیں لیتی میرے دِل میں یہی حسرت رہی

اپنی اپنی سوچ میں ڈوبے رہے اہلِ قلم
میرے حصے میں نیازؔی یار کی مدحت رہی

○

یہ چاک گریباں درِ سرور پہ سلے گا
گلشن تری امید کا اُس در پہ کھلے گا
دَر دَر پہ اگر دے گا نیازؔی تو دھائی
دَر دَر کے سوا تجھ کو کبھی کچھ نہ ملے گا

○

میرے داتا کے عرس پر آنے والو سنو آ رہی ہے صدائے بلالی
کوئی دم میں ہیں آنے والے محمد سجائے ہوئے دوش پر کملی کالی

ادھر میرے داتا کی بارات دیکھو اُدھر ہوتی رحمت کی برسات دیکھو
سلامی کو آئے ہیں اجمیری خواجہ یہ ہے میرے داتا کا دربارِ عالی

وہ خواجۂ گنج شکر بھی ہیں آئے لو کلیر کے وہ تاجور بھی ہیں آئے
ہیں بن ٹھن کے یاروں کے جھرمٹ میں دیکھو مدینے سے آئے مدینہ کے والی

ہے کتنا حسین تیرے زینے کا نقشہ ہے روضہ تمہارا مدینے کا نقشہ
تیری جالیوں میں نظر آ رہی ہے میرے کملی والے کے روضے کی جالی

خدارا نگاہِ کرم اب تو کر دو فقیروں کے دامن خزانوں سے بھر دو
بڑی آس لے کر آئے ہجویری داتا کھڑے ہیں ترے در پہ تیرے سوالی

خدا کی ہے رحمت گھٹا بن کے چھائی گھڑی آج مقبولیت کی ہے آئی
نیازی دعا مانگو اپنے وطن کے چمن کی سلامت رہے ڈالی ڈالی

○

جب خیال حضور آتا ہے
دیدۂ و دِل میں نور آتا ہے
لے کے دیکھو نیازیؔ نامِ نبی
اک نرالا سرور آتا ہے

○

ذات جب مہربان ہوتی ہے
یہ بھی اللہ کی شان ہوتی ہے
ہے جو مقبول بارگاہِ حضور
آنسوؤں کی زبان ہوتی ہے

○

ہو نظر ہم پہ اجمیر والے ہم منگتے ہیں تیری گلی کے
تیرے لطف و کرم کے سہارے بیت جائینگے دن زندگی کے

در سلامت رہے تیرا ساقی دور چلتے رہیں مے کشی کے
خیر ہو چشت کے میکدے کی جام ہم کو بھی دے خواجگی کے

کر کرم صدقہ خواجۂ عثمان بھر دے بھر دے فقیروں کا داماں
تیرے در کے بھکاری ہیں خواجہ ہم نہیں ہیں گدا ہر کسی کے

بعد مدت ہوئی دید تیری دیکھتے ہی ہوئی عید میری
سامنے تم رہو یونہی بیٹھے آ رہے ہیں مزے بندگی کے

تیرے در سے سوالی نہ جائیں جو بھی آئے ہیں خالی نہ جائیں
یہ جہاں والے ہم کو وگرنہ طعنے دیں گے تری دوستی کے

آج رکھنا نہ محروم خواجہ ہے ترے فیض کی دھوم خواجہ
تیری محفل میں آئے ہیں ہم بھی شہرے سن کرتمہاری چھٹی کے

ہے دلوں پر تیری حکمرانی اولیاء تیرا بھرتے ہیں پانی
شان وشوکت جھکی تیرے در پرا ے میں صدقے تیری سادگی کے

غم کے ماروں کی ہے یہ تمنا تیرے در پہ رہے آنا جانا
پھر بھی ہو حاضری تیرے در کی آئیں لمحے یہ پھر بھی خوشی کے

کوئی ہے شمسؒ کوئی قمرؒ ہے قطب الدینؒ کوئی گنج شکرؒ ہے
میرے خواجہ نے کیسے دیئے ہیں چشتیوں کو دیئے روشنی کے

ہوں نیازیؔ پہ تیری عطائیں چل پڑیں پھر کرم کی ہوائیں
صدقہ خواجہ تمہاری چھٹی کا سر سے بادل چھٹیں اب غمی کے

○

بند کر ساقیا نہ ابھی میکدہ میں ہوں امیدوار آخری آخری
خوش مقدر جو تھے سب کے سب پی گئے بس میں ہوں بادہ خوار آخری آخری

تیری نظروں سے قسمت میں پینا رہے جھومتا میرے دِل کا مدینہ رہے
اپنی نظروں کی مے اے میرے ساقیا دے دے اور ایک بار آخری آخری

قافلے والو رک جاؤ ٹھہرو ذرا ان کے جلوؤں سے میرا نہیں جی بھرا
پھر مقدر سے ایسا سماں آئے گا دیکھ لوں یہ بہار آخری آخری

میں تو کہہ دونگا آنکھوں کو چپ سادھ لیں اشک افسانۂ دِل کہیں کہہ نہ دیں
دل مچلنے سے پہلے میرے دلرُبا چھین لے اختیار آخری آخری

ایک حد تعین رہی درمیان نہ وہ آئے یہاں نہ میں پہنچا وہاں
راستے سے ہٹا دے کوئی مہرباں راستے کا غبار آخری آخری

تیرے بیمار کا ہے یہ وقت آخری موت بھی ہے میرے اب تو سر پہ کھڑی
آ بھی جا آ بھی جا بس گھڑی سن لے میری پکار آخری آخری

نزع کے وقت آخر وہ آ ہی گئے اک سکون مل گیا ان کے دیدار سے
غم کا مارا بڑے چین سے سو گیا آ گیا یوں قرار آخری آخری

جانے کیا بات تھی کیسے اسرار تھے آئے گورِ غریباں تو وہ دور سے
اپنے ہمراہیوں سے لگے پوچھنے وہ ہے کس کا مزار آخری آخری

کوئی کہہ دے نیازؔی سے جا کر ذرا دیکھتے رہنا ان کا سدا راستہ
آخرش ایک دن رنگ لے آئے گا یہ ترا انتظار آخری آخری

O

بے خبر چشم تر تو ہونے دے
آہِ غم میں اثر تو ہونے دے
وقت کے در پہ کیسے دستک دوں
جانے والے سحر تو ہونے دے

○

ملیں دین و دنیا کی نعمتیں مجھے کیا نہ میرے خدا دیا
مجھے دی غلامئ اولیاء مجھے عشق خیر الوریٰ دیا

ترا نام سن کے مچل گئے ترا نام لے کے سنبھل گئے
میرے لمحے کیف میں ڈھل گئے ترے ذکر نے وہ مزہ دیا

کبھی خواب میں تری دید ہو تری دید ہو میری عید ہو
دے مجھے بھی جلوؤں کی بھیک دے ترے در پہ دامن بچھا دیا

ترے میکدے میں قرار ہے جہاں بن پیئے ہی خمار ہے!
نہ اتر سکا نہ اُتر سکے ترے نام نے جو نشہ دیا!

شب غم کے رنگ نکھر گئے مرے بگڑے کاج سنور گئے
میری چاہتوں میرے پیار کا یہ میرے نبی نے صلہ دیا

اٹھے لاکھ طوفان بحر و بر کبھی آندھیوں نے اٹھائے سر
اسے کوئی بھی نہ بجھا سکا جو دیا نبی نے جلا دیا!

میرے دِل میں یادِ حضور ہے میرا دِل خزینہ نور ہے
اسی نورِ حسنِ حضور نے مرا دِل مدینہ بنا دیا

مری حسرتوں کا چمن کھلا دِل مضطرب کو سکون ملا!
سر بزم میرے حضور نے جو جمال اپنا دکھا دیا

ہے ازل سے میری یہ آرزو ہو دِلِ نیازیؔ میں تو ہی تو
رہے میرے سجدوں کی آبرو ترے در پہ سر کو جھکا دیا

○

سنو مرے غماں درداں دے نالے یا رسول اللہ
تساڈے بن مرے دُکھ کون ٹالے یا رسول اللہ

کدوں دیدار دادارو دیو گے در منداں نوں!
کدوں پچھو گے آدکھیاں دے حالے یا رسول اللہ

میرے ویہڑے چہ اج وی نے غماں دیاں ظلمتاں چھائیاں
کرو خوشیاں دے گھر میرے اجالے یا رسول اللہ

میں پاواں واسطہ رو کے تری شان کریمی دا!
بلاؤ کول پیارے کملی والے یا رسول اللہ

جو لے آئے گدا در تے ترے کاسے گدائی دے
تساں سبھناں دے پُر کتنے پیالے یا رسول اللہ!

زمانہ زور رلکھ لاوے کسے کولوں اور نئیں بجھدے
جیہڑے دیوے تساں نے ہین بالے یا رسول اللہ

قبر تے حشر اندر اوس لئی سَتے ای خیراں نے
جہدے تے تیری رحمت دے دوشالے یارسول اللہ

خدا نے بخش دیناں ایں نیازیؔ جہیاں نوں اُس دم
تیری رحمت دے جد دِتے حوالے یا رسول اللہ

○

ہے ہر تھاں تے جلوہ نمائی وی تیری
مکاں لامکاں وچہ رسائی وی تیری

پئی فرشیں عرشیں دھائی وی تیری
ہے شاہی توں چنگی گدائی وی تیری

نیازیؔ دی جھولی وی بھر میرے آقا
خدا وی ترا اے خدائی وی تیری

○

یا محمد نورِ مجسم تیری رب نے شان وِ دھائی ۔ یا حبیبی یا مولائی
تیری دو جگ تے سلطانی ، جبریل کرے دربانی
تیرا ڈیرا فرش دے اُتے تیری عرش اُتے مہمانی
تیری رب کرے وڈیائی تیری عاشق کل خدائی ۔ یا حبیبی یا مولائی
بخشش رحمت دیاں آقا تینوں رب نے دتیاں کنجیاں
جتھے ذکر نہ ہووے تیرا اوہ تھانواں سنجیاں سنجیاں
پئی ہر تھاں تیری دُہائی، تیری شان کسے نہ پائی ۔ یا حبیبی یا مولائی
کوئی روندا آیا در تے تساں جھولی پائے ہاسے
کی اپنے کی بیگانے پُر کیتے سب دے کاسے
تاجاں والے وی آقا تیرے در دی کرن گدائی ۔ یا حبیبی یا مولائی
کدی آجا کرم کما کے میرے عربی مٹھل من ٹھارا ۔
مدتاں دیاں تسیاں نظراں آ دے جا آن نظارا ۔
اساں تیریاں تاہنگاں اندر تساں دی سیج سجائی ۔ یا حبیبی یا مولائی

نوں نوں وچہ وسن میرے تیرے شہر دیاں خوشبوواں
اوہ دن وی آوے آقا میں جالیاں کول کھلوواں
کر کرم غریب نوازا میں رو رو عرض سنائی - یا حبیبی یا مولائی

کردا اے عرض نیازی میرا کر دے پار سفینہ
مینوں سد لے وچہ مدینے تیرا وسدا رئے مدینہ
مکی مدنی محبوبا سن میری حال دھائی - یا حبیبی یا مولائی

○

من موہنے نبی من ٹھارنی تیری ذات دیاں کیا باتاں نے
جدوں بولیں تے منہ چوں پھل کردے تیری بات دیاں کیاباتاں نے

انوار دیاں برساتاں سن اک دوجی نوں کہندیاں راتاں سن
جیہڑی رات دے تڑکے آیا نبی اس رات دیاں کیاباتاں نے

والفجر دے چہرے والے پیا سر سایا غم دیاں راتاں دا
تیری نظر ہووے دن چڑھ جاوے تیری جھات دیاں کیاباتاں نے

بڑے کرم ہوئے سرکار ان دے کم بن گئے اوگنہاراں دے
معراج دی راتیں یاراں دی ملاقات دیاں کیا باتاں نے

سرکار دے دستر خوان اتوں کھاندے نے نیازیؔ جگ سارے
میرے آقا کملی والے دی خیرات دیاں کیا باتاں نے

○

مجبوب مٹھل عربی ڈھولن سرور دیاں ریساں کون کرے
ہتھ بنھ کے جتھے جبریل کھڑا اِس در دیاں ریساں کون کرے

دل اوہو دِل اے جس دِل وچہ ڈیرا اے مدینے والے دا
جیہڑا جھکیا یار دی سَر دَل تے اس سِر دیاں ریساں کون کرے

اوتھے نور دیاں برساتاں نے دُودھ ورگیاں چٹیاں راتاں نے
سرکار دے گنبد خضریٰ دے منظر دیاں ریساں کون کرے

ہو ویں وارث کل خدائی دا پیا سونویں روز چٹائی تے
اے محبوبا تیرے کھجیاں دے بستر دیاں ریساں کون کرے

ودھ جنت توں ہے جہدی گلی جہدے در تے جھکدے نبی وولی
جہدی دھی زہرا داماد علی اس گھر دیاں ریساں کون کرے

تک صبر حسین دا کربل دی دھرتی دے ذرّے بول پئے
جنت دی ملکہ زہرا دے پتر دیاں ریساں کون کرے

ہووے اپنا بھاویں بیگانہ اوہدے ٹکریاں اُتے پل دا اے
محبوب مدینے والے دے لنگر دیاں ریساں کون کرے

جو گھر وچہ سی اوہ لے آندا صدیق نے جسدم قدیاں وچہ
نبیاں دے نبی نے آکھ دتا تیرے زر دیاں ریساں کون کرے

سوہنے دے غلاماں دی جدکہ تھیں ریس نیازیؔ ہو سکدی
پھیر دسو سارے نبیاں دے افسر دیاں ریساں کون کرے

○

میں کی شان سوہنے نبی دی سناواں
دو عالم تے جہدے کرم دیاں چھاواں
نیازیؔ کماوندے رہے ڈیر جیہوے
اونہاں لئی وی سوہنے نے منگیاں دعاواں

○

جے رحمت دا در نہ کھلدا پھیر اوگنہارے کی کردے
کردا نہ شفاعت جے سوہنا میرے جئے وچارے کی کردے

سوہنے نوں اپنی امت دی بھلی نئیں یاد کسے ویلے
اونہوں یاد نہ کرئیے بھل کے وی اسیں بندے نکارے کی کردے

شبیرؓ جے چاہوندے کربل دی دھرتی چوں چشمے چل پیندے
اوتھے تے رضا سی مولا دی زہرا دے دلارے کی کردے

من ٹھار مٹھل دی یاد اندر کیویں روکاں وگدے ہنجواں نوں
بنھ لگدے نئیں دریاواں نوں پلکاں دے کنارے کی کردے

اوہدی آس دے اتے ٹھلیا ساں تاں ہویاں پار طوفاناں چوں
اوہدی نظر کرم جے نہ ہندی دنیا دے سہارے کی کردے

امت دی نیازیؔ بخشش لئی منگدے رہے دعاواں رات دنے
جے درد ونڈاوندا ناں سوہنا درداں دے مارے کی کردے

○

سارے نبیاں چوں محبوبا شان سوائی تیری اے
کول بلا کے رب نے کہیا جا ساری خدائی اے
لوریاں نال سلاؤندی رئی اے اپنا بخت جگاؤندی رئی اے
کملی والیا کیڈیاں کرماں والی دائی تیرے اے

○

ساڈا تے کجھ وی جانا نئیں ایہہ دنیا جیکر نئیں من دی
ہے روشنی سارے عالم وچہ سب آمنہ بی بی دے چن دی
ایہو کجھ حبیا آئی اے اساں مکدی گل مکائی اے
وچہ قبر تے محشر گل ساڈی جے توں نہ بناویں نئیں بن دی

○

کملی والے دے دربار دُربار تے لے گنہ گار جو چشم تر جان گ
مینوں دربار دے جلویاں دی قسم سب دے دامن مراداں تھیں بھر جان گ

چل نبی جی دے روضہ اطہر تے چل آسے پاسے نہ پھر در محمد ﷺ وا
اٹھی جس دم نظر سبز گنبد دے وَل دِیدے شوق زیارت تھیں ٹھر جان گ

تیرا در چھڈ کے کیوں دربدر میں پھراں کیوں میں غیراں دیاں جا کے منتاں کرا
تیری نظرِ کرم جے رئی سوہنیاں دن گزردے گزردے گذر جان گ

ہنجو تحفہ اے اکھیاں دا دلدار لئی سانبھ کے رکھ ایہہ نذرانہ سرکار لئ
موتی اشکاں دے ڈِگ پئے جے اکھیاں وچوں ایہہ بکھردے بکھردے بکھر جان گ

خیر پادے نہ پاوے ایہہ اوہدی رضا کملی والے دے در داہاں میں تے گدا
کیوں مقدراں دے رونے میں رونداپھراں ایہہ سنوردے سنور جان گے

فکر ہر دم ایہہ تینوں نیازیؔ روے جس طرح وی روے سوہناں راضی روے
رنگ اپنی محبت دے توں دیکھ لیں پھیر نکھر دے نکھر دے نکھر جان گے

○

سرورِ کونین کی کونین پہ رحمت رہی
کس طرح ہم عاصیوں سے آپکی الفت رہی
آگیا جو بھی نیازیؔ بھیک لینے کیلئے!
جھولیاں بھر بھر کے دینا آپ کی عادت رہی

○

لوگ جیتے ہیں زندگی کے لئے
زندگی ہو تو بندگی کے لئے
یہ بھی کچھ کم نہیں عبادت سے
آدمی ہو جو آدمی کے لیے

○

سرسبز میرے گلشن دِل کی کلی رہے
رحمت کی بھیک سے مری جھولی بھری رہے
یا رحمتہ العالمین رحمت کا واسطہ
تیرے کرم سے بات بنی ہے، بنی رہے

○

میں بوہے کھول کے یاداں دے اکھاں راہاں وچہ وچھانی آں
ماہی لنگھ نہ جاوے کولوں دی ہنجواں دے دِیپ جلانی آں!

وگدی رئے وابہاراں دی وَل سک نہ جاوے پیاراں دی
تری یاد دے بوٹے نوں ہر دم اکھیاں دا پانی پانی آں!

تک پاندیا ہتھ دیاں ریکھاں نوں کی ہوگیا میرے لیکھاں نوں!
سوہنے دیاں وچہ اڈیکاں دے میں رورو وقت لنگھانی آں

تیرے عشق چہ ہوگئی جھلی آں تیرے غم وچہ میں مرچلی آں!
دو گھڑیاں آ جا محبوبا تینوں واسطہ رب دا پانی آں

جد خبر ملی تیرے آون دی پھیر چانواں نوں نئیں چین آیا
تری راہ وچہ وانگ دِیوانیاں دے کدی آنی آں کدی جانی آں

ناں ول اے مینوں بولن دا ناں درد نیازیؔ پھولن دا
ناں لے لے اپنے ڈھولن دا میں اپنا دِل پر چانی آں

○

کرو نظر کرم اپنی شہِ بغداد یا میراں
غلاماں دے رہن ڈیرے سدا آباد یا میراں

نخی محبوب سبحانی ہے تیری ذات لا ثانی
جھکاوندے سر ترے در تے قطب اوتاد یا میراں

تری محفل سجائی بیٹھے نے ایہہ تیرے دیوانے
لباں تے نام ایں تیرا تے دِل نے شاد یا میراں

اوہدا دشمن وگاڑن کی جدھے وی سر تے توں ہوویں
محافظ اوہدی بن جاندی اے تیری یاد یا میراں

تُسیں محفل چہ آئے او تے جلوہ عام کر دیوو
غماں دے ماریاں دے ہون اج دلشاد یا میراں

میں کیوں غیراں توں جا منگاں میں کیوں در در صدا دیواں
ترے در دا سوالی ہاں کرو امداد یا میراں

کدی ویکھے خزاں نہ اکھ بھر کے میرے گلشن نُوں
ترے اگے نیازی دی ہے ایہہ فریاد یا میراں

○

تیرے گلشن دے پھل بوٹے رہن ساوے دعا کرناں
گدی بھل کے خزاں نہ پیر وِی پاوے دعا کرناں

تیرے درتوں اے سخیا خیر ملدی رے فقیراں نوں
نہ کوئی در اتوں خالی کدی جاوے دعا کرناں

میں تیرے غم دی جھولی پالواں گا ہس کے سجناں
چمن تیرے چہ خوشیاں دی ہوا آوے دعا کرناں

فرشتے موت دے لکھ وار آون اون بسم اللہ
نزع ویلے میرا مرشد وی آجاوے دعا کرناں

زباں میری چہ طاقت اے جدوں تیکر میرے مولا
تیرے محبوب دے سہرے سدا گاوے دعا کرناں

مرن توں بعد وی مرشد میرے اُتے رہوے راضی
کرم اپنا نیازؔی تے اوہ فرماوے دُعا کرناں

O

غمی منگناں نہ خوشی منگناں ہاں
ترے نام دی زندگی منگناں ہاں
نیازیؔ نمیں منگدا زمانے دی شاہی
مدینے دی بس حاضری منگناں ہاں

O

مدینے جو چمکن اوہ تارے نے وکھرے
مدینے دے وسنیک سارے نے وکھرے
نیازیؔ کدے نال تشبیہ دیواں!!
مدینے شہر دے نظارے نے وکھرے

○

جیہڑے سجن اپنے سجناں دا وچہ دِل دے نقش پکا لیندے
اوہ خودنوں بیٹھ کے دھرتی تے لاہوت دی سیر کرالیندے

خالق نے اپنے بندیاں نوں اِک خاص تصرف دتا اے
جس وقت وی چاہون گھر بیٹھے ہر شے نوں کول بلالیندے

یاراں نال جے یار رُس جاون جے پیروی ویہڑے نہ پاون
یاراں نوں یار مناون لئی پیراں وچہ گھنگرو پا لیندے

دنیا دے دارو رہن دیو سانوں ہجر دے صدمے سہن دیو
جیہڑے ہون مریض محبت دے بن دید نہ ہور دوا لیندے

ولی نال نظر دے ول کر دے نئیں کی چوڑی گل کر دے
اللہ دے بندے بندیاں نوں اللہ دے نال ملا لیندے

جیہڑا سجناں کولوں دکھ رہندا اوہدی کلی دا نئیں ککھ رہندا
اونہاں دا رب وِی رُس جاندا کر یارنوں جیہڑے خفا لیندے

جدوں سر تے او کسڑ پیندی اے جدوں ہجر ستاوند سجناں دا
سنیاں ایں نیازیؔ یاراں دے یار آ کے درد ونڈا لیندے

○

کدی در در تے اوہ نئیں جاندے جو اک در دے دیوانے نے
اک در دے جہڑے ہو جاندے اوہ دیوانے وی دانے نے

دربار تے اوندا جاندا رؤ قدماں تے سیس جھکا وندا رؤ
رل بہناں یار دی چوکھٹ تے سجناں دے ملن بہانے نے

بانہہ پھیڑ لینی ہر بے زر دی ایہہ ریت ہے ساقی دے گھر دی
ایتھے لوڑ نئیں جام تے ساغر دی ایتھے اکھیاں دے پیمانے نے

آئیاں بختاں والیاں گھڑیاں نے بن پیتیاں مستیاں چڑھیاں نے
اج لگدا میرے ساقی دیاں اکھیاں وچہ دو میخانے نے

ایس اوس شمع دے قائل نئیں نہ آپ روے نہ پروا نے
بن سڑیاں نور جو دیندی اے سب او سے دے پروانے نے

کدوں تیک روویں گا نچ نچ کے آ جا یار منا یئے نچ نچ کے
اگ عشق دی لگدی نچ نچ کے سانوں دسیا اک مستانے نے

مرشد دی سنگت پیاری اے جہدی اللہ نبی ﷺ نال یاری اے
دسو کہدی بیڑی تاری اے ظالم بیدرد زمانے نے

ماری اے دنیا مرضاں دی بھلی بات نیازیؔ فرضاں دی
ساڈی یاری غرضاں دی ولیاں دے پاک یارانے نے

○

وہ جسے دید کا ایک جام پلا دیتے ہیں
فرش تا عرش بھی پردے اٹھا دیتے ہیں
میرے محبوب کے دیوانے نیازیؔ اکثر
نامِ محبوب پہ ہر چیز لٹا دیتے ہیں

○

جہڑے دِل تھیں اک نوں من لیندے اوہ بھار دوئی دا چکدے نئیں
ساہ مک دے مکدے مک جاندے غیر اندے نیڑے ڈھکدے نئیں

جہڑے مَن والے ولیاں دے جہڑے عاشق یار دی گلیاں دے
اوہ چھڈ کے یار دے قدماں نوں شاہاں دے تخت تے تھکدے نئیں

آساں دا باغ سجائی جا ہنجواں دا پانی پائی جا
کھوہ رکھو دارئے جے اکھیاں دا پھیر پیار دے بوٹے سکدے نئیں

کُجھ آکھو نہ دیوانیاں نوں جتھے بیٹھے بیٹھے رہن دیو!
جہڑے غیرت مند دیوانے نے در در تے جا کے جھکدے نئیں

بھاویں ڈکناں پوے طوفاناں نوں بھانویں توڑنا پوے چٹاناں نُوں
مرشد دی دید دے متوالے راہاں وچہ کدھرے رک دے نئیں

چھڈ جھگڑے زِیراں زَبراں دے ڈر لہہ جاون گے قبراں دے
کھا تیر نیازؔی نظراں دے نظراں دے نشانے اُک دے نئیں

O

جس جگہ آقا ترا نقشِ قدم ہوتا ہے
سر بصد شوق و محبت وہیں خم ہوتا ہے
ہو جہاں ذکرِ رسالت کی نیازی محفل
اس جگہ سرورِ عالم کا کرم ہوتا ہے

O

دردِ دِل ہو تو یوں دوا کیجئے
ہر گھڑی ذکرِ مصطفیٰ کیجئے
ہم غلاموں کو حاضری ہو نصیب
سب مدینے چلیں دعا کیجئے

○

تیری رات تڑپ دیاں لنگھ جاوے نہ دن ویلے آرام آوے
ایس پاک وطن وچہ جد تیکر نہ سوہنے نبی ﷺ دا نظام آوے

ایہو جے نظام محمد دا ایہو اسلام محمد ﷺ دا!
ہتھ ہون مہاراں آقا دے اتے اوٹھ دے بیٹھا غلام آوے

تیرا ہر کم ہووے یار لئی مرناں جیوناں سرکار لئی !
اوہدے ذکر تے اوہدی یاد بناں جیہڑا ساہ آوے اور حرام آوے

اٹھ ویلا نئیں تمہیداں دا تینوں کہندا خون شہیداں دا
ایہہ پھیر وی سودا ستا اے جے سر دتیاں اسلام آوے

توں ہور خدا توں کی لیناں تیرے عشق دا ایہو ہے گہناں
تیرا کملیا کملی والے دے دیوانیاں وچہ جے نام آوے

تسیں رل مل یار دعا منگو اتھے نور نبی ﷺ دی ضیا منگو
جیہڑی گم کردیوے منزل نوں مرے دیس چہ اوہ نہ شام آوے

جے چاہوں لذّت جینے دی چمد اروُ خاک مدینے دی
سرنیواں کر کے ہر نوری جتھے یار نوں کرن سلام آوے

اونہاں خوش بخت میخواراں نوں کی لوڑاں ٹھیکے جان دیاں
سرکار دے عشق دا جنہاں لئی طیبہ چوں نیازؔی جام آوے

اس زندگی نوں میں کی آکھاں جہڑی ٹھیکیاں دیو چہ بیتی اے
دھن بھاگ اوناں خوش بختاں دے، جنہاں یار دے کولوں پیتی اے

ایہہ گل نیازؔی نہیں نیازؔی کیتی ایہہ گل قلندر کیتی اے
اوہدی عشق نماز ادا ہوئی جنہے یار نوں دیکھ کے نیتی اے

○


کوئی عاصی نئیں میں ورگا میں مناں یا رسول اللہ
تری رحمت دا وی کوئی ناں بناں یا رسول اللہ

کرم یا رحمۃً للعالمین اپنے غلاماں تے
پئے لاوندے لوک ایمان نوں سناں یا رسول اللہ

ترے انوار نے کیتا اے روشن سارے عالم نوں
خدا دی کل خدائی دیا چناں یا رسول اللہ

میں صدقے جاں تیرا دتا نہ منگیا ستراں (۷۰) کولوں
رہیا بھریا سی اونویں دودھ دا چھناں یا رسول اللہ

ہووے حاضری نیازی اپنے یاراں نال روضے تے
میرے دِل دی ہے بس ایہو تمناں یا رسول اللہ


اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِی
یَا رَسُولَ اللّٰہ
یقیناً آپ ہر عاشق کے گھر تشریف لاتے ہیں۔
ہمارے گھر میں بھی ہو جائے چراغاں یا رسول اللہ ﷺ
GM 102

بابِ کرم

الحاج عبد الستّار نیازی رحمۃ اللہ علیہ

نوریہ رضویہ پبلیکیشنز
۱۱۔ گنج بخش روڈ لاہور
042-7313885

نام کتاب	——	باب کرم
شاعر	——	الحاج عبدالستار نیازی رحمۃ اللہ علیہ
صفحات	——	96
نظر ثانی	——	ابن نیازیؔ محمد زاہد نیازیؔ
تعداد	——	1100
اشاعت	——	ربیع الاوّل ۱۴۲۵ھ / مئی ۲۰۰۴ء
طابع	——	سید شجاعت رسول شاہ قادری
مطبع	——	اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور
ناشر	——	نوریہ رضویہ پبلی کیشنز لاہور
قیمت	——	

ملنے کے پتے

نوریہ رضویہ پبلیکیشنز

11 گنج بخش روڈ لاہور فون: 7313885

مکتبہ نوریہ رضویہ

گلبرگ اے فیصل آباد فون: 626046

انتساب

میں اپنے پیرو مرشد شہنشاہ دربارِ لاثانی سرکار علی حسین شاہ دامت برکاتہم العالیہ کے وسیلے سے ان نغماتِ حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو

بنی نجارؓ کی ان محترم کمسن بچیوں کے نام منسوب کرتا ہوں جن کے معصوم لبوں سے سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی مدینہ منورہ تشریف آوری کے موقع پر نکلے ہوئے خیر مقدمی ترانے آج بھی فضاؤں میں نور بکھیر رہے ہیں۔

عبدالستار نیازی

بظلِ عنایت

پیرِ طریقت و شریعت مردِ حقانی
جگر گوشہ لاثانیؒ، حضرت قبلہ سید

پیر علی حسین شاہ برکاتہم دامت

سجادہ نشین
آستانہ عالیہ لاثانیہ علی پور سیداں شریف

O

فیضیاب دربارِ لاثانی
عبدالستار نیازی

فہرست بابِ کرم

احوالِ واقعی

کرم ازل کا وہ قطرۂ حقیقی ہے جو تلاش کرنے والوں کے عمر بھر ہاتھ نہیں آتا۔ لیکن بعض خوش نصیب ایسے ہوتے ہیں کہ یہ قطرۂ حقیقی ان کی راہوں میں پڑا ہوتا ہے۔

پاکستان کے ممتاز نعت خواں اور نعت گو شاعر جناب عبدالستار نیازی عمر بھر مدحت تقدیس حرم میں مصروف رہے اپنے دل میں اور اپنے اشعار میں زیارت حرمین کی تمنا کرتے رہے۔

آخر وہ دن آہی گیا کہ صاحب کرم نے ان کے لئے باب کرم کھول دیا اس کے بعد آپ بفضل خدا اور بفیض مصطفےٰ اس مصرع کے مصداق بن گئے۔

صد شکر کہ ہستیم میانِ دو کریم

ہوا یہ کہ ۲۵ اگست ۱۹۸۰ء کو مرد حق پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق یہاں فیصل آباد میں مختصر دورہ پر تشریف لائے۔ جناب عبدالستار نیازی کو ایک تقریب میں نعت مصطفےٰ پیش کرنے کا موقع میسر آیا۔

صدرِ پاکستان نے نعت مصطفےٰ سماعت کی۔ مدحتِ مصطفےٰ نے محبت مصطفےٰ کے دریا میں طغیانی پیدا کردی۔ اور قطرۂ کرم پلکوں کی زینت بن گیا۔ اور نیازی صاحب کے لئے باب کرم کھل گیا۔

محترم المقام صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق نے انہیں سرکاری اخراجات پر حج بیت اللہ پر بھیجنے کا اعلان کردیا۔ اور نیازی صاحب ۱۹۸۰ء میں سعادت حج سے ہمکنار ہو گئے۔

نیازی صاحب کا پیش نظر نعتیہ مجموعہ "باب کرم" اسی قطرۂ کرم کا انعام ہے۔ جو ان کی راہوں میں پڑا تھا۔ نیازی صاحب کے دل کی دھڑکن تا قیامت اسی باب کرم پر دستک دیتی رہے گی اور وہ باب کرم پر سجدہ ریز رہیں گے اور اس کے باوجود عشق مصطفےٰ کے تقاضے پورے نہ ہوں گے۔

اختر سدیدی
ایڈیٹر روزنامہ سعادت فیصل آباد

پاکستان رائٹرز گلڈز فیصل آباد کی طرف سے

عبدالستار نیازیؔ کے ساتھ ایک شام

صدفؔ جالندھری فیصل آباد

چمن زارِ رسالت دا ایہ بلبل پورے باغ جہان وچہ چہکدا اے
جدوں نعت دا زمزمہ چھیڑ دیندا ہر اِک پھل محبت دا مہکدا اے

کیف بزم وجود دیوچہ بھر کے بزم نعت رسول وچہ لہکدا اے
ہر وقت مدینے دی حاضری لئی رہندا ولکدا سسکدا سہکدا اے

طیبہ جان، لگا وی ایہ تڑپدا سی ہن وی غماں دے بحر وچہ ڈبا رہندا
بارش پھلاں دی کروا اے جدوں تیکر خار درواں دا سینے وچہ کھبا رہندا

نغمہ ریزی جد ہندی اے شروع ایہدی عالم سوز وگداز وچہ ڈھل جاندا
عشق جامی دا رومی دا درد سارا ایہدی اک اک آواز وچہ ڈھل جاندا

نعت شاہِ کونین دی پڑھن لگا خودوی سوز دے ساز وچہ ڈھل جاندا
ایہدا جوش سروش دی صوت جاپے ایہدا ناز نیاز وچہ ڈھل جاندا

ایہدا احسن تلفظ تے لے مل کے رچدے جاوندے نے جسم وجان اندر
جسم و جان اپنا خبرے ڈھاں دیندا مدنی ماہی محبوب دی شان اندر

نعت خوان ہزاراں نے ملک اندر سب توں وکھری اے نعت خوانی ایہدی
ایسا بچپن توں نعت دا سوز ملیا ایسے سوز وچہ گزری جوانی ایہدی

ڈھلدیاں جان فضاواں سرور اندر جدوں ہندی اے گوہر افشانی ایہدی
پتھر ڈھال دیندی اگاں بال دیندی نرم و نازک اندازِ بیانی ایہدی

ایہ نیازیٔ نیاز وچہ رہن والا منگندا عشق دی سدا نیاز رہندا
ایہ غیور غرور توں روے بچ کے کردا کسے دے ناز تے ناز رہندا

دوہری شان بخشی ایدے رب ایہنوں نعت خوان دی اے نعت گو دی اے
مطلع سوچ دے اُتے طلوع ہو کے کردا جاوندا عشق دی لو دی اے

دردمنداں دے درداں نوں چھیڑ دا جد اودوں دِل ایہد اپیندا رودی اے
کسے ہور دا صدف نئیں پتہ مینوں مینوں پیارا اے جناں وی جو وی اے

تسیں شام مناوندے او نال ایہدے ایہہ تے اپنا شام اڈیکدا اے
جیٹرا مستیاں ونڈدا اے محفلاں وچہ اپنے حصے دا جام اڈیکدا اے

باب کرم

جناب خالد محمود (کراچی)

کھلا ہوا ہے دو عالم پہ اُن کا بابِ کرم
نہ کچھ شمار عطا کا نہ کچھ حساب کرم
جسے دیا مرے آقا نے بے حساب دیا
نہیں کا لفظ نہیں جانتا جواب کرم

رُخِ کرم پہ پڑا ہے ابھی حجاب کرم
نقاب اٹھے تو نظر آئے آفتاب کرم
خدا کرے میری قسمت میں وہ سحر آئے
رُخ حضور میں دیکھوں پڑھوں کتاب کرم

گنہگار سبھی ہوں گے فیضیاب کرم
کچھ اور حشر کے دن ہوگی آب و تاب کرم
کرم حضور کا اُس روز دیکھنا خالد
میرے حضور اُٹھائیں گے جب نقاب کرم

باب کرم

کر دو کرم کونین کے والی رحمت عالم ذات تری ہے
جیسا بھی ہوں ہوں تو تمہارا تیرے کرم کی آس بڑی ہے

تیری عطا کا رنگ جدا ہے باب کرم ہر وقت کھلا ہے
کون ومکاں میں شہر شہاں میں تیرے کرم کی دھوم مچی ہے

ہر اک رنگ میں رنگ ترا ہے سب سے اچھا سنگ ترا ہے
عالم عالم جانِ دو عالم نام ترا ہے بات تری ہے!

نکھری نکھری صبح کرم ہے روشن روشن شام حرم سے
شہر نبی کی بات نہ پوچھ شہر نبی پھر شہر نبی ہے

یہ میرے مرشد کی عطا ہے ورنہ مری اوقات ہی کیا ہے
محفل محفل لمحہ لمحہ میرے لبوں پر نعت نبی ہے!

صدقہ دے اولادِ علیؓ کا میں بھی گدا ہوں تیری گلی کا!
میں محتاج تو میرا داتا میں منگتا تو میرا سخی ہے

اپنے خبیبؓ بلالؓ کا صدقہ اپنی پیاری آل کا صدقہ
بخش مجھے بھی عشق کی دولت گھر میں ترے کس شے کی کمی ہے

حسن عمل کچھ پاس نہیں ہے شرمندہ سجدوں سے جبیں ہے
در پہ تیرے آن گرا ہوں آگے آقا تیری خوشی ہے!

دن دیکھے ہیں تو نے خوشی کے گا رے نیازؔی گیت نبی کے
جن کے نام کے صدقے تیرا نام ہوا ہے بات نبی ہے

کیسا لگتا ہے؟

نام محمدؐ کتنا میٹھا لگتا ہے
پیارے نبیؐ کا ذکر بھی ہم کو پیارا لگتا ہے

یادِ نبیؐ کا گلشن مہکا مہکا لگتا ہے
محفل میں موجود میں آقا ایسا لگتا ہے

لب پر نغمے صلِ علیٰ کے ہاتھوں میں کشکول
دیکھو تو سرکار کا منگتا کیسا لگتا ہے

آنکھوں میں مازاغ کا کجرا سر طٰہٰ کا تاج
کیسے کہوں کملی والا ہم جیسا لگتا ہے

غوث قطب ابدال قلندر سب انکے محتاج
میرا داتا ہر داتا کا داتا لگتا ہے!

اَوْ اَدنیٰ کی سیج سجی ہے عرش بریں پر آج
حق کا دلارا باندھ کے سہرا دولہا لگتا ہے

آؤ سنائیں اپنے نبی کو اپنے غم کی بات
اُن کے علاوہ کون نیازیؔ اپنا لگتا ہے

میرا نبیؐ

مجھے انکی یادوں نے آواز دی ہے — نظر جھومتی سوئے طیبہ گئی

ہے کیوں مہکا مہکا چمن آج دل کا — مدینے سے ٹھنڈی ہوا آ رہی

یہاں پاؤں رکھنا تو رکھنا ادب سے — مدینے کے راہی یہ شہر نبیؐ

سہارا دیا رحمت مصطفیٰ نے — مری بات اُن کے کرم سے بنی

مقدر پہ کیوں نہ کروں ناز سکھیو — مری میرے داتا نے جھولی بھری

شفاعت کے مژدے سنائے ہیں جسنے — وہ میرا نبیؐ ہے وہ میرا نبیؐ

سجائیں نہ کیوں ہم درودوں کی محفل — ہمیں تو ہمارے نبی کی خوشی

ستائیں گے تجھ کو نہ غم دو جہاں کے — غم مصطفیٰ سے اگر دوستی

سدا ذکر کرتا ہوں خیرالوریٰ کا
مری تو نیازیؔ یہی بندگی ہے

مدینہ نور کا

ساقی کوثر ترا ہے جام و مینا نور کا
ہو مقدر میں مرے بھی جام پینا نور کا

ہیں معطر ہی معطر گلستاں کی وادیاں!
پھول کلیوں میں مہکتا ہے پسینہ نور کا

سب کی بے مانگے بھرے جاتا ہے داتا جھولیاں
بٹ رہا ہے دونوں عالم میں خزینہ نور کا

نور کی چادر بچھی ہر سمت صدقے نور کے
مسجد نبویؐ ہی کیا سارا مدینہ نور کا

دونوں عالم ہو گئے پر نور اُن کے نور سے
ایسا چمکا ہے مدینے میں نگینہ نور کا

مقتدی بن کر نبی پیچھے کھڑے تھے نور کے
صحنِ اقصیٰ میں ہوا جس دم شبینہ نور کا!

کملی والا ہی گیا پل میں مکاں سے لامکاں
طائرِ سدرہ نے بھی دیکھا نہ زینہ نور کا

آؤ آؤ عاصیو منزل پہ جانا ہے اگر
دھیرے دھیرے جا رہا ہے یہ سفینہ نور کا

اُن صحابہ کے مقدر پہ فدا دونوں جہاں
جن کے سینے سے لگا اک بار سینہ نور کا

جگمگا اُٹھیں مرے بھی داغِ دل اِس نور سے
دل نیازؔی کا بھی بن جائے دفینہ نور کا

رسول ہاشمی

تیرے غم میں جو نہ گزرے بیکار زندگی ہے
تجھے یاد کرتے رہنا یہی جان بندگی ہے
اے مرے کریم مجھ پر بھی کرم نوازیاں ہوں
کہ ترے کرم کا چرچا گھر گھر گلی گلی ہے
عرب وعجم کے والی میں نہ جاؤں در سے خالی
ترے در پہ جو بھی آیا اُسے ہر خوشی ملی ہے
تیرے رُخ پر کیا سجے ہیں یہ تجلیوں کے سہرے
جو ہے رونق دو عالم ترا حسن سرمدی ہے
میری زندگی کے مالک ترے نام پر بکا ہوں
اِسی بات پر ہوں نازاں اِسی بات کی خوشی ہے
شب غم کے گیسوؤں نے مجھ پر کیا تھا سایا
ترا نام لب پہ آیا میری شام غم ڈھلی ہے

○

میں نثار تیرے آقا مجھے ہر خوشی عطا کی
اے شہنشہِ دو عالم تیری بندہ پروری ہے

سارے نبی ہیں اپنی اپنی جگہ پہ افضل
جسے سب پہ ہے فضیلت وہ رسول ہاشمی ہے

دامن سجا کے جائے اشکوں کے موتیوں سے
دربارِ مصطفیٰ میں جس جس کی حاضری ہے

ہیں یہ نام مصطفیٰ کی سبھی عزتیں نیازیؔ
ورنہ جہاں میں مجھ سے اچھوں کی کیا کمی ہے

○

جینے کے آثار ملے ہیں آج مجھے سرکار ملے ہیں
سر سے غم کی رات ڈھلی ہے صبح کے انوار ملے ہیں
گنج شکر داتا، لاثانی کتنے اچھے یار ملے ہیں
وادی دل سے کون ہے گزرا وجد میں دل کے تار ملے ہیں
عشق نبی کے صدقے جاؤں دل میں درد ہزار ملے ہیں
رقصاں رقصاں شہر نبی کے کوچہ و بازار ملے ہیں
کیسے دیکھوں حسن کے جلوے جلوے جلوہ بار ملے ہیں
وادی عشق میں سوچ کے جانا راہ بڑے دشوار ملے ہیں
غم کے مارو غم کا ہے کا بطحا کے غم خوار ملے ہیں

ہم نے نیازیؔ کو جب دیکھا
لب پہ تیرے اذکار ملے ہیں

سزا کوئی نہیں

تیرے در سے یا نبی خالی گیا کوئی نہیں
ہیں سخی لاکھوں یہاں پر آپ سا کوئی نہیں

آپکے دامن میں ہیں دونوں جہاں کی نعمتیں
آپ کے لطف و کرم کی انتہا کوئی نہیں

جب لیا نام محمدؐ مشکلیں حل ہو گئیں
کون کہتا ہے اثر اس نام میں کوئی نہیں

ہے یہ وہ دربار دربارِ محمدؐ عاصیو
اعتراف جرم کر لو تو سزا کوئی نہیں

وہ تو اب بھی بانٹتے ہیں نعمتیں کونین کی
کیوں یقیں اس بات کا تجھ کو رہا کوئی نہیں

جلوۂ ذات خدا جس نے ہو دیکھا بے حجاب
یا رسول ہاشمی تیرے سوا کوئی نہیں

عظمت محبوب کا ہے ذرے ذرے میں ظہور
آنکھ والوں کے سوا پر دیکھتا کوئی نہیں

آپکے ہوتے ہوئے میں کیوں مصیبت میں رہوں
کیا کہیں گے لوگ کہ مشکلکشا کوئی نہیں؟

چھوڑ کر گلیاں عجم کی آ مدینے کو چلیں
دور رہ کر ان سے جینے کا مزا کوئی نہیں

کون پوچھے ہے نیازیؔ دردِ دل کا ماجرا
جز محمد کے ہمارا آسرا کوئی نہیں

مقدر کا دھنی

اے شہر مدینہ تو مقدر کا دھنی ہے
سرکارِ دو عالمؐ کی یہاں جلوہ گری ہے

یہ شہر مدینہ ہے یہ دربار نبیؐ ہے
اظہار تمنا بھی یہاں بے ادبی ہے

یہ بارگہہ سرورِ مکی مدنی ہے
پلکیں نہ اٹھانا وہ نظر دیکھ رہی ہے

ہم جیسے گداؤں کا جو داتا ہے سخی
اللہ کا محبوب ہے نبیوں کا نبی ہے

ہر سمت سے آتی ہیں درُودوں کی صدائیں
جس سمت بھی دیکھا ہے تری بزم سجی ہے

اے رحمت عالم تری رحمت کے میں صدقے
جھولی مری بخشش کے خزانوں سے بھری ہے

نبیوں نے بھی مانگا ہے نبی پاک کا صدقہ
اللہ غنی میرا نبی کیسا غنی ہے

جس دل میں تری یاد ہو وہ دل ہے نگینہ
ہر اشک ترے عشق میں ہیرے کی کنی ہے

نسبت ہے مجھے آپ کے دامانِ کرم سے
کہہ دو کہ نیازؔی تو ہر اک غم سے بری ہے

عبادت

لو جھوم کے نام محمد کا اس نام سے راحت ہوتی ہے
اِس نام کے صدقے بٹتے ہیں اِس نام سے برکت ہوتی ہے

یہ شانِ کرم اللہ غنی اللہ کا دیا دیتے ہیں
دیکھے تو صدا دیکر کوئی ہر چیز عنایت ہوتی

نعتوں کے سجاتے ہیں گجرے پڑھتے ہیں سلاموں کے نغمے
کوئی مانے مانے نہ مانے اپنی تو عبادت ہوتی ہے

موسم تو بدلتے رہتے ہیں ارماں بھی مچلتے رہتے ہیں
دیکھیں کس وقت مدینے میں جانے کی صورت ہوتی

خوش بخت مسافر طیبہ کے جب سامنے ہو دربار نبی
یوں دیکھو گنبد کو جیسے قرآں کی تلاوت ہوتی ہے

اپنے دُکھ درد مصیبت میں دُنیا میں ہزاروں روتے ہیں
جو یادِ نبی میں اشک گرے اُس اشک کی قیمت ہوتی ہے

اپنے تو نیازی اپنے ہیں غیروں نے بھی ہم سے پیار کیا
سب نام نبی کے صدقہ ہے اپنی جو یہ عزت ہوتی ہے

وریٰ الوریٰ

رور انبیاء مظہر کبریا یا نبی مصطفےٰ تو وریٰ الوریٰ
طلع کن فکاں مقطعہ مر سلاں شاہ ارض و سما تو وریٰ الوریٰ

ری قسمت کہ تیری گدائی ملی تو ملا تو خدا کی خدائی ملی
ں ہوں تیرا گدا تو ہے داتا مرا شان والے شہا تو وریٰ الوریٰ

ے جرم وخطا سے ہیں دامن بھرے تیرے ماتھے شفاعت کے سہرے سجے
ں خطا ہی خطا تو عطا ہی عطا یا حبیب خدا تو وریٰ الوریٰ

گئے کہہ کے سدرہ پہ رُوح الامیں یا نبی آگے جانے کی ہمت نہیں
ہو محبوب رَب میں تمہارے سبب میری اوقات کیا تو وریٰ الوریٰ

ں والوں کا کعبہ تیرا سنگ در عرش والے جھکیں تیری دہلیز پر
ب سے اعلیٰ ہے تو سب سے بالا ہے تو کون تجھ سا ہوا تو وریٰ الوریٰ

ں اُلفت سے بھر دے تو سینہ مرا اللہ رکھے سلامت مدینہ ترا
قہ حسنین کا بھر دو کاسہ مرا میرے حاجت روا تو وریٰ الوریٰ

ں چوکھٹ سے جائے نیازی کہاں ہو نگاہ کرم والیٔ دو جہاں
ی مرشدی یا نبی یا تو نبی کجا من کجا تو وریٰ الوریٰ

ہوا کے قدم

چاندنی چاندنی روشنی روشنی پڑ گئے ہیں جہاں مصطفیٰؐ کے قدم
رحمتیں رحمتیں برکتیں برکتیں لائے دنیا میں خیر الوریٰ کے قدم

دھوم ہے میکدے میں تیرے جام کی کیسی مستی ہے ساقی تیرے نام کی
جھومتے جھومتے بادہ کش چل دیئے ڈگمگاتے ہوں جیسے ہوا کے قدم

کتنی پر ہول تھی وادیٔ نینوا ٹھہری ٹھہری ہوا سونی سونی فضا
سجدہ گاہ بن گئی آ گئے جس گھڑی کربلا میں شہِ کربلا کے قدم

اپنی کملی میں مجھ کو چھپا لیجئے پیار سے مجھ کو سینے لگا لیجئے
ہو نگاہ کرم یا شفیعِ اُمم لرزاں لرزاں ہیں میری خطا کے قدم

بھر دو بھر دو غلاموں کی جھولی شہا کر دو کر دو فقیروں پر نظرِ عطا
چھوڑ کر آستاں والئی دو جہاں جائیں کس در پہ تیرے گدا کے قدم

مری قسمت کہ غوث جلی مل گئے انکی نسبت سے مولا علی مل گئے
چومے اس کے نیازی زمانہ قدم جس نے بھی چھو لیے اولیاء کے قدم

بہاروں کے قافلے

جائیں گے جب مدینے کو یاروں کے قافلے
ملتے چلیں گے ساتھ بہاروں کے قافلے

ہے چاند آمنہ کا مدینے میں جلوہ گر
آتے ہیں روشنی کو ستاروں کے قافلے

بہرِ سلام عرش سے عرشی بصد نیاز
دَر پر جھکے ہوئے ہیں ہزاروں کے قافلے

ہے فرشِ راہ دیدہؑ و دل ساری کائنات
گزرے جدھر سے جان نثاروں کے قافلے

خوشبوئے زلفِ یار سے گلشن مہک پڑے
گزرے جدھر سے جاں نثاروں کے قافلے

دل کی نظر سے دیکھ نیازیؔ تو چار سو
ہر سمت گھومتے ہیں نظاروں کے قافلے

جتاتے نہیں

سرکارِ دو عالم سرورِ دیں کس پر وہ کرم فرماتے نہیں
اپنے تو پھر بھی اپنے ہیں وہ غیر کا دل بھی دکھاتے نہیں

دن بیتے جیسے بیتے ہیں جینے کو تو اب بھی جیتے ہیں
جس دن سے مدینہ دیکھا ہے مجھے اور نظارے بھاتے نہیں

رو رو کے عمر یا بیت گئی ہیں ہارا دنیا جیت گئی!
جانے کیا ایسی بات ہوئی وہ رُخ سے نقاب اٹھاتے نہیں

سرکار کی رحمت ہوتی ہے جب آنکھ کسی کی روتی ہے
محروم تمنا پلکوں پہ اشکوں کے دیپ جلاتے نہیں

جب سنوں مدینے کی باتیں بن بادل برسیں برساتیں
اے بادِ صبا کچھ تو ہی بتا کیوں مجھ کو پاس بلاتے نہیں

ہم چھوڑ کے در نہ جائیں گے بس گیت نبی کے گائیں گے
ہم مانگت ہیں اُس آقا کے جو دے کر بھیک جتاتے نہیں

سرکار کرم فرماتے ہیں جب یاد کرو وہ آتے ہیں
جو تڑپیں ان کی الفت میں انکو وہ کبھی تڑپاتے نہیں

انکھین میں آنسو پھیلے ہیں کرپا کیجو من میلے ہیں
جو آپ کے ہیں وہ غیروں کو اپنا دکھ درد سناتے نہیں

رحمت کی نجریا کر ڈالو منگتوں کے کاسے بھر ڈالو
سنتا ہوں تمہاری چوکھٹ پر جو آئیں خالی جاتے نہیں

دل گنبد خضریٰ کا ہے امیں جس میں ہے مکیں طیبہ کا حسیں
اُن سا نہ نیازیؔ دیکھا کہیں ہم یونہی تو اِتراتے نہیں

○

دونوں عالم کا داتا ہمارا نبی
ہے خدا کی خدائی سے پیارا

دونوں عالم کی آنکھوں کا تارا نبی
شان والا نبی تاج والا

ہو یتیموں مبارک یتیمی تمہیں
آسرا بن کے آیا تمہارا

بولے جبریل یوں تو ہیں لاکھوں نبی
کوئی تجھ سا نہ دیکھا نبی یا

اپنی قسمت پہ جھومو ارے عاصیو
آ گیا سب کا بن کے سہارا

خود خدا جس پہ پڑھتا ہو صل علیٰ
کون ہے جز محمد کے ایسا

پھول صل علیٰ کے نچھاور کرو
بن کے خیر الوریٰ آج آیا

بزم عشاق قائم اترے عشق سے
حسن والوں میں بھی تیرا چرچا

لٹ گیا ہے سکوں دل کو تسکیں نہیں
ہو نگاہ کرم یا نبی یا

جسکی عظمت کے ڈنکے بجے چارسو
وہ ہے میرا نبی ہے وہ میرا نبی

پڑتے نہیں ہیں پاؤں خوشی سے زمین پر
سلطان دو جہاں کی چوکھٹ پہ ہم چلے

منزل قدم قدم پہ قدم چومتی رہی
دیوانے ان کی راہ میں جتنے قدم چلے

کتنا حسیں مزاج ہے شہر رسول کا
اس شہر میں ہوا بھی جبیں کر کے خم چلے

کس کو مدینے پاک سے جانے کا غم نہیں
جو بھی چلے مدینے سے باچشم نم چلے

غم ان کا زندگی میں سہارا بنا رہا
صد شکر لے کے قبر میں بھی ان کا غم چلے

اس آتی جاتی سانس کا ٹوٹے گا سلسلہ
پڑھتے رہو درود تم جب تک یہ دم چلے

ہر وقت ہے نیازؔی کے لب پر نبی کی نعت
یہ بھی کرم ہے وصف نبی میں قلم چلے

☆☆☆☆

بن پئے آج کیف و سرور آئیں گے
اپنی محفل میں جس دم حضور آئیں گے

اشک پلکوں پہ روشن نیازؔی کرو
آئیں گے کملی والے ضرور آئیں گے

حاضری ہوگی

وہ گھڑی بھی حسیں گھڑی ہوگی
جب مدینے میں حاضری ہوگی

تم پکارو تو ان کی رحمت کو
کھوٹی قسمت ابھی کھری ہوگی

خود خدا نے کیا ہے یہ وعدہ
امت مصطفیٰ بری ہوگی

تم سراپا درود بن جاؤ
پھر زیارت حضور کی ہوگی

ن کے غم میں تڑپ کے دیکھو تو
تم پہ قربان ہر خوشی ہوگی

جل سکیں گے نہ ظلمتوں کے دیئے
آگئے آپ روشنی ہوگی

کوئی ایسا نہیں کرم نے تیرے
جس کی جھولی نہیں بھری ہوگی

مجھ خطا کار کا بھرم رکھنا
آپ کی بندہ پروری ہوگی

یر کرتے نہیں کرم میں وہ
میری چاہت میں کچھ کمی ہوگی

نکو ڈھونڈیں گے سب قیامت میں
ان پہ سب کی نظر لگی ہوگی

بات بن جائے گی نیازی کی
چشم رحمت جو آپ کی ہوگی

نبی کے نام پر

کون دیتا ہے کسی کے نام پر
سب کو ملتا ہے نبی کے نام پر

حسن خود آگاہ بھی قربان ہے
مصطفیٰ کی سادگی کے نام پر

بخش دینا اے خدا میری خطا
تاجدار ہاشمی کے نام پر

زندگی وہ ہیں وہی زندہ ہوئے
مٹ گئے جو زندگی کے نام پر

جسکے در کی بھیک ہے تاج شہی
حق سے مانگو اس سخی کے نام پر

تر گئے ڈوبے ہوئے اس نام سے
میں فدا اپنے نبی کے نام پر

بندگی ہے جس کا ذکر خیر بھی
ہم تو مرتے ہیں اسی کے نام پر

انکے آنسو دھو گئے وہ داغ بھی
جو لگے تھے زندگی کے نام پر

ان کے صدقے تاج عظمت کا سجا
اے نیازی آدمی کے نام پر

لہجہ تیرا

میرے نبی پیارے نبی ہے مرتبہ بالا ترا
جس جا کوئی پہنچا نہیں دیکھا وہاں تلوا ترا

یا سرور دنیا و دیں تجھ سا نبی کوئی نہیں
بعد از خدا ماہ مبیں ثانی نہیں واللہ ترا

تیرا سراپا یا نبی تفسیر ہے قرآن کی
واللیل مو طٰہٰ جبیں والشمس ہے چہرہ ترا

سرکش جو تھے مائل ہوئے دشمن جو تھے قائل ہوئے
مسحور کن تھا کس قدر یا مصطفیٰ لہجہ ترا

رحمت تھی پورے جوش پر میں بھی نہ تھا کچھ بے خبر
تجھ کو تجھی مانگ کر اچھا رہا منگتا ترا

خیرات دیتا ہے خدا ہر وقت تیرے نام کی
جس کو ملا جو کچھ ملا جتنا ملا صدقہ ترا

جائے کہاں یہ بے نوا در چھوڑ کر تیرا شہا
در در پہ وہ جاتا نہیں جس نے بھی در دیکھا ترا

محبوب رب اُمی لقب مجھ کو سکوں کی ہے طلب
نظر عطا مشکل کشا مشکل میں ہے بندہ ترا

ہر جا پہ تیری محفلیں ہر جا تجھی سے رونقیں
فرش زمیں، عرش بریں، جلوہ ترا چرچا ترا،

یا مصطفیٰ یا مجتبیٰ بھر دیجئے کاسا مرا
کر دو کرم رکھ لو بھرم سائل ہوں میں داتا ترا،

اے وارث ارض و سما نظر کرم بر حال ما
دیکھے نیازؔی پھر شہا وہ گنبد خضریٰ ترا

تسکیں بداماں

دہلیز پہ سرکار کی جو لوگ پڑے ہیں
وہ خود بھی بھلے ان کے مقدر بھلے ہیں

دامان طلب ان کے عطاؤں سے بھرے ہیں
جو تھام کے سرکار کی جالی کو کھڑے ہیں

اس دل کے مقدر میں نہیں کوئی بھی ظلمت
جس دل میں دیئے آپکی یادوں کے جلے ہیں

تسکین بداماں ہے ہر اک سانس ہمارا
جس دن سے ترے ہاتھ پہ بے دام بکے ہیں

سرشار ہیں سرشار وہ سرشار رہیں گے
پیمانے توجہ سے تری جن کو ملے ہیں

جنت کے اٹھاتے ہیں مزے شام سویرے
چھاؤں میں ترے روضے کی جو بیٹھے ہوئے ہیں

ہو نقشبندی ، چشتی ، فریدی کہ نیازیؔ
سرکار کے میخانے ہر اک سمت کھلے ہیں

☆☆☆☆

ساقی داتے کم ہے ونڈناں کوئی پیوے یا نہ پیوے
اوہ نئیں پاوندا غیر دے تر لے جیہدا مالک راضی تھیوے

جنہاں نوں سوہنا آپے بالے اوہ بلدے رہن گے دیوے
اوہ نئیں پھیر نیازیؔ مردا جیہڑا یار دا ہو کے جیوے

کبھی کبھی

ہوتی ہیں مستجاب دعائیں کبھی کبھی
چلتی ہیں رحمتوں کی ہوائیں کبھی کبھی
اشکوں کی روشنی میں کریں ذکر مصطفےٰ
پلکوں پہ یہ دیئے بھی جلائیں کبھی کبھی
آئے نظر وہ خواب میں تو نیند کھل گئی
قسمت نے دیں ہیں یوں بھی سزائیں کبھی کبھی
وہ پاسباں نہ ہوں توں سنبھلنا محال ہے
چلتی ہیں اتنی تیز ہوائیں کبھی کبھی!!
اٹھے جدھر نگاہ تو ہوں سامنے حضور
یہ کیوں کہیں کہ جلوہ دکھائیں کبھی کبھی
آنسو نبی کی نعت پڑھیں ہر نفس درود
ایسے بھی ان کی بزم سجائیں کبھی کبھی

ملتا ہے بے سبب کبھی طیبہ کا اذن بھی
ہوتی ہیں اس طرح بھی عطائیں کبھی کبھی
کتنا بڑا کرم ہے یہ یاد حضور کا!!
آتی ہیں ان کی دل سے صدائیں کبھی کبھی
چھینٹا کرم کا کوئی نیازؔی پہ بھی حضور
بادل کرم کے جھوم کے آئیں کبھی کبھی

☆☆☆

نہ کوئی تیرا ہے ہمسر، نہ تیرا ہے ثانی
تو آفتاب ولایت تو مرد حقانی

نیازؔی بھی تو جماعت علی میں شامل ہے
کرو کرم کی نظر مرے قبلہ لاثانی

نام آتے ہیں

شاہ خیرالا نام آتے ہیں دو جہاں کے امام آتے ہیں
حامیٔ بیکساں شہ شاہاں ہر مصیبت میں کام آتے ہیں
سرور انبیاء کو ہر لمحے میرے رب کے سلام آتے ہیں
کیوں پریشاں کرے انہیں مشکل جن کو پنجتن کے نام آتے ہیں
وہی پاتے ہیں فیض محفل میں جو بصد احترام آتے ہیں
کتنے خوش بخت ہیں وہ لوگ جنہیں حاضری کے پیام آتے ہیں
خیر مقدم کرے نہ کیوں جنت مصطفٰے کے غلام آتے ہیں
قدسیان فلک بھی بہر سلام صبح آتے ہیں شام آتے ہیں

کیوں نیازیؔ وہ میکدے جائیں
جن کو طیبہ سے جام آتے ہیں

مصدر انوار

اے صبا سرکار کی باتیں سنا — سید ابرار کی باتیں
میں درودوں کے ہوں نغمے چھیڑتا — تو مجھے سرکار کی باتیں
پھر مہک اٹھیں مرے زخموں کے پھول — نور کی گلزار کی باتیں
سبز گنبد اور سنہری جالیاں — مصدر انوار کی باتیں
جس سے حاصل ہو سکون دل مجھے — ہاں ذرا اس یار کی باتیں
ہم نہ جانے کب مدینے جائیں گے — تو مرے من ٹھار کی باتیں
میں پڑھوں وجدان میں صلے علیٰ — پیار سے تو پیار کی باتیں
ہم کو دوزخ سے نہ اے واعظ ڈرا — رحمت غفار کی باتیں
جس کا صدقہ مانگتے ہیں دو جہاں — اس سخی دربار کی باتیں
جس نے بانٹے عمر بھر امت کے غم — مونس و غمخوار کی باتیں
شاید آ جائیں کبھی وہ خواب میں — وصل کی دیدار کی باتیں سنا

ہے نیازیؔ دم میں جب تک دم ترے
احمد مختار کی باتیں سنا

ہمدرد کا سایہ

اغیار کا احسان اٹھایا نہیں جاتا
ہر در پہ یہ سر ہم سے جھکایا نہیں جاتا
اس دل کے مقدر میں نہیں کیف حضوری
جو دل تیری یادوں سے بسایا نہیں جاتا
قدموں میں بلا لیجئے سرکار مدینہ
اب صدمہ جدائی کا اٹھایا نہیں جاتا
احسان پہ احسان کئے جاتے ہیں سرکار
لیکن کوئی احسان جتایا نہیں جاتا
ہر ایک کی قسمت میں کہاں جام حضوری
کم ظرف کو یہ جام پلایا نہیں جاتا
آتے ہیں وہی جن کو بلائیں شہ والا
ہر ایک کو محفل میں بلایا نہیں جاتا

دربان اٹھائیں گے اگر در سے کہوں گا
لاچار ہوں سر مجھ سے اٹھایا نہیں جاتا
ہو جاتا اشکوں سے عیاں درد محبت
میں لاکھ چھپاتا ہوں چھپایا نہیں جاتا
یاد آتے ہیں رہ رہ کے مدینے کے مناظر
طیبہ کا سفر مجھ سے بھلایا نہیں جاتا
سرکار پہنچتے ہیں وہاں پر بھی نیازی
جس جا کسی ہمدرد کا سایا نہیں جاتا

احسان تیرے

جیتے جی خواب میں دیدار ہوں جاناں تیرے
ہم تو مر کر بھی نہ بھولیں گے یہ احساں تیرے
پھیل جاتی ہے دو عالم میں کرم کی خوشبو
جھوم کر نام جو لیتے ہیں گلستاں تیرے
ایک رحمت کی نظر ہم پہ مدینے والے
ہے یہ حسرت کہ کبھی ہم بھی ہوں مہماں تیرے
اک تیری ذات نے بخشی ہے سکوں کی دولت
ہم تو گن گاتے رہیں گے شہ خوباں تیرے
تجھ کو اللہ کے محبوب کی نسبت ہے ملی
کتنے اچھے ہیں مقدر ارے انساں تیرے
شہر خوباں سے تو خوشبوئیں اڑا لائی ہے
ایسے انداز ہیں کچھ فصل بہاراں تیرے
حاضری ہوگی نیازؔی تیری آقا کے حضور
پورے ہو جائیں گے اک روز یہ ارماں تیرے

گدائی دے

میرے کریم کوئے نبی کی گدائی دے
مجبوریوں کی قید سے مجھ کو رہائی دے

پھر اپنی ان نگاہوں سے دیکھوں دیار پاک
پہلے تصورات کو در تک رسائی دے

بن کر سہارا آئیں گے سرکار دو جہاں
رو رو کے ان نام کی دل سے دہائی دے

گزرے حیات ذکر رسالت مآب میں
مولا مجھے حبیب کی مدح سرائی دے

ہو دل میں تو ہی تو میرے نقش دوئی نہ ہو
جس سمت بھی نظر پڑے تو ہی دکھائی دے

نیت کروں نیازی تو کعبہ ہو سامنے
سجدے میں سر جھکے تو مدینہ دکھائی دے

تیرے نام سے

تیرے میکدے پہ نثار میں مجھے کیا غرض کسی جام سے
جو نشہ ہوا میرے سا قیادہ نشہ ہوا تیرے نام سے
کیوں کسی کا بن کے گدار ہوں نہ فسانہ غم دل کہوں
بھلا کیوں کسی کے میں در جھکوں مجھے کام ہے تیرے کام سے
کسی گلستاں کی بہار ہوں نہ کسی خزاں سے ہے واسطہ
میں ہوں مطمئن اسی بات پر نہیں رابطے میرے شام سے
وہ ملے ہیں جام سرور کے جو کرم ہوئے ہیں حضور کے
مجھے کیسے در پہ بلا لیا کوئی پوچھے آ کے غلام سے
وہ مصطفےٰ کی وہ ساعتیں وہ سرور و کیف کی لذتیں
وہ حبیب پاک کی محفلیں تھیں سجی درود و سلام سے
یہ قدم قدم پہ عنائتیں یہ تیرا کرم یہ نوازشیں
جو ملیں نیازی کو عزتیں تیرے نام سے تیرے نام سے

حسیں سے حسیں

اُن کی یادوں کے انوار سے جو دل کے آنگن سجاتے رہیں گے
مصطفےٰ ان کی خوابوں میں آ کر اپنے جلوے دکھاتے رہیں گے

نام ان کا لبوں پر سجا کر ہم مقدر جگاتے رہیں گے
ساتھ جب تک دیا زندگی نے ان کی نعتیں سناتے رہیں گے

لاکھ بدلے ہوں تیور فضا کے بگڑے بگڑے ہوں رخ بھی ہوا کے
جو جلائے دیئے مصطفےٰ نے وہ دیئے جگمگاتے رہیں گے

انکی رحمت پہ کامل یقین ہے نا امیدی سے رشتہ نہیں ہے
وہ کرم سے گدائے کرم کو اپنے در پہ بلاتے رہیں گے

ہر گھڑی تھی حسیں سے حسیں تر لمحہ لمحہ تھا بہتر سے بہتر
دن جو گزر در مصطفےٰ پر عمر بھر یاد آتے رہیں گے

لاکھ طوفاں ڈبونے کو آئیں زور اپنا ہوائیں دکھائیں
ان کی نسبت سے خود ہی کنارے پیشوائی کو آتے رہیں گے

منہ نہ دیکھیں گے رسوائیوں کا ہر قدم پہ رہیں گے سلامت
ان کی رحمت نے اب تک بچایا وہ ہمیشہ بچاتے رہیں گے

ہم غریبوں کے گھر کا مقدر وہ کبھی تو جگائیں گے آ کر!
اس توقع پہ ہم اے نیازیؔ دیدہ و دل بچھاتے رہیں گے

☆☆☆

راضی کیتا یار مساں جئے اوہدے قدماں تے سر دھر کے
منتاں کر کر ترلے کر کر سو سو ھاڑے کر کے

آخر عشق دی بازی جت لئی اساں اپنا سب کچھ ہر کے
یار دا پتہ نشان نیازیؔ جس پایا، پایا مر کے

سرزمین حرم

یاشفیع امم ایک چشم کرم سب پہ لطف و کرم ہیں دوام آپ کے
آپ شان کرم آپ جان عطا پیارے پیارے لقب ہیں تمام آپ کے

آپ کے ہی آرزوں کی منزل بھی ہیں آپ ہی دونوں عالم کا حاصل بھی ہیں
حاصل وصف رب العلیٰ ہیں شہا روح کون مکاں سارے نام آپ ہیں

قدسیاں فلک سر جھکائے ہوئے دامن دل کو اپنے بچھائے ہوئے
لے کے تحفے درودوں کے یا مصطفےٰ مانگتے ہیں کرم صبح و شام آپ کے

وہ بھی انساں بھلا کوئی انسان ہے اس کا ایمان بھی کوئی ایمان ہے
اے حبیب خدا جس کے دل میں نہیں عزتیں آپ کی احترام آپکے

آ گئے مصطفےٰ کے جہاں بھی قدم وہ زمیں بن گئی سرزمین حرم
سج گئیں عشق کی جلوہ گاہیں وہاں ہوگئے ہیں جہاں بھی قیام آپ کے

اک قدم فرش سے عرش تک کا سفر اوج سدرہ بھی ہے آپ کی رہگذر
کوئی سمجھا نہ سمجھے گا یا مصطفٰے مرتبہ آپ کا اور مقام آپ کے

آپ کے در کا مانگت بھی سلطان ہے میرا ایمان ہے میرا ایمان ہے
یا نبی آپ کی تو بڑی شان ہے کرتے ہیں با شاہی غلام آپ کے

نقشبندی نظامی ہو چشتی کوئی صابری قادری یا فریدی کوئی
سب کے سب آپکے ہی یہ میخوار ہیں سب کو سرشار کرتے ہیں جام آپ کے

اپنا ایماں بنا لے تو ذکر نبی ہے نیازیؔ یہی حاصل بندگی
اپنے لب پر سجا لے تو نعت نبی تجھ کو آئیں گے پیہم سلام آپ کے

☆☆☆

زندگی با اصول اچھی ہے
سر زمین رسول اچھی ہے
ہیرے موتی نیازیؔ کچھ بھی نہیں
شہر بطحا کی دھول اچھی ہے

داتا کا در

بحمد اللہ گداؤں کو ملا داتا کا در ایسا
کوئی خالی نہیں جاتا سخی کا ہے یہ گھر ایسا

جو امت کیلئے روتا رہا سجدے میں سر رکھ کر
نہ دیکھا چشم عالم نے کوئی بھی چشم تر ایسا

میں اک ایسا بھی سجدہ چاہتا ہوں ان کی چوکھٹ پر
نہ اٹھے پھر کبھی جھک جائے سجدے میں یہ سر ایسا

وہ اوڑھے کالی کملی مسجد نبوی میں بیٹھے ہوں
پڑھوں جب نعت میں ان کی مجھے آئے نظر ایسا

جہاں سے کاسہ خیرات بھرتا ہے دو عالم کا
ترے در کے سوا دیکھا نہ در ایسا نہ گھر ایسا

سمجھتے ہیں جو ان کو اپنے جیسا وہ یہ بتلائیں
گیا ہے عرشِ اعظم پر کبھی کوئی بشر ایسا

میں آنکھیں بند کرتا ہوں تو ہوتا ہوں مدینے میں
کیا کرتا ہوں اکثر مدینے کا سفر ایسا

وہ بے آواز اشکوں کی صدا سرکار کے در پر
وہ کیف آئے نہ شاید پھر کبھی بھی عمر بھر ایسا

وہ جس کی راہبری پہ راہبر بھی ناز کرتے ہیں
خوشا قسمت کہ ہم کو مل گیا ہے راہبر ایسا

ہیں جتنے انبیاء سارے ہی ارفع اور اعلیٰ ہیں
مرے سرکار ہیں جیسے نہیں کوئی مگر ایسا

سلاطینِ زمانہ پل رہے ہیں جس کے صدقے سے
تمہیں ہو اور کوئی بھی نہیں ہے تاجور ایسا

سرِ محشر وہی تو ہیں جو ہم کو بخشوائیں گے
رکھو کامل یقین تم رحمتِ سرکار پر ایسا

مدینہ جس کی منزل ہو مدینے میں جو لے جائے
تمنا ہے مجھے مل جائے کوئی ہم سفر ایسا

شرف بخشیں حضوری کا دوبارہ بھی نیازیؔ کو
کرم ہو جائے اے سرکار پھر بار دگر ایسا

ذکر محمدی

محبتوں کے ہیں یہ تقاضے کہ لو لگاؤ غم نبی سے
صدائیں صلے علیٰ کی گونجیں نگر نگر سے گلی گلی سے
کسی سے شکوہ ہے نہ گلہ ہے میں خوش ہوں آقا نے جو دیا ہے
حضور بھرتے ہیں میرا دامن میں مانگتا ہوں حضور ہی سے
کہا خدا نے حبیب میرے لے اب تو سجدے سے سر اٹھا لے
میں بخش دونگا تمہاری امت کہ ہم تو خوش ہیں تیری خوشی سے
واز اپنے کرم کا صدقہ کہ دل نہ ٹوٹے کسی گدا کا
رہے نہ خالی کسی کی جھولی ہے ہم نے مانگا بڑے سخی سے
محبتوں کے قرینے دیکھے کرم کے منظر مدینے میں
خدا گواہ ہے خدا ملا ہے ہمیں مدینے کی حاضری سے
دھر ادھر نہ پھرو خدا را نہ ڈھونڈو غیروں کا تم سہارا
نبی ملے گا خدا ملے گا خدا کے بندوں کی دوستی سے
نہ سیم و زر سے نہ چشم و جاہ سے نہ بادشاہوں کی بارگاہ سے
سکوں کی دولت ملی نیازیؔ ہمیں تو ذکر محمدی سے

کہیں نہیں

دنیا میں تیرے جیسا دوسرا کہیں نہیں
چاند تو ہیں لاکھوں لیکن کوئی مہ جبیں نہیں

کون و مکاں میں تورے نام کی دہائیاں ہیں
فرش کیا ہے عرش پہ بھی توری بادشاہیاں ہیں
دیکھی ہے خدائی کوئی تجھ سا حسیں نہیں

چرچا جہان میں ہے تیرے ہی مقام کا
زمیں آسماں پہ باجے ڈنکا تورے نام کا
کسی نام میں بھی ایسی خوبیاں نہیں نہیں

آئی ری سجیلی آئی رات معراج کی
عرش پہ سواری پہنچی مورے مہا راج کی
عشق سر عرش پہنچا عقل کی یقیں نہیں

خوبیاں ہی خوبیاں ہیں شہر رسول میں
نقش کف پائے آقا رہے اس کی دھول میں
دو جہاں میں کہیں بھی مدینے سی زمیں نہیں

سب پہ مدینے والے کرو مہر بانیاں
قسمت میں ہمری ہر دم رتاں ہوں سہانیاں
ترا کہا ٹالے کبھی رب العالمیں نہیں

فرش پہ بھی شہرہ تیرا عرش پہ بھی چرچا ہے
قصر دنیٰ میں ایسا عاشقوں نے دیکھا ہے
تو ہی تو ہے اور کوئی دوسرا مکیں نہیں

کہتا ہے نیازؔی آقا توری بڑی شان ہے
مانے یا نہ مانے کوئی میرا تو ایمان ہے
پیار نہیں جس کو تجھ سے کوئی اس کا دیں نہیں

غریب نواز

مہا راج غریب نواز　　کب گھر آؤ گے
اے اجمیری شاہباز　　کب گھر آؤ گے

مجھ سے مری تقدیر ہے روٹھی　　خواجہ آیو میں گئی لوٹی
توری ذات پہ مو ہے ناز　　کی گھر آؤ گے

ارج کرت ہے توری داسی　　تو بن خواجہ چھائی اداسی
مورے باجیں من کے ساز　　کب گھر آؤ گے

بل بل تو پہ واری جاؤں　　من مندر میں دیپ جلاؤں
دوں پل پل یوں آواز　　کب گھر آؤ گے

سر سوہت ہے تاج عثمانی قطب الدین کریں دربانی
ولین میں ممتاز کب گھر آؤ گے

ہر چشتی کا دین دھرم ہو سب کے خواجہ لاج بھرم ہو
موری پوری ہوت نماز کب گھر آؤ گے

رو رو بیتی جاویں رتیاں کرت نیازیؔ توری بتیاں
تورے چرن پڑوں دمساز کب گھر آؤ گے

دکھاں تے درداں دے ہتھوں میں تے کدوں دا مر جانا سی
ہن تک مینوں جیوندیاں رکھیا تیرے پیار دیاں خوشبوواں
نیازیؔ

بھانڈا خالی

اللہ اللہ مرے نبی دی سب توں شان نرالی اے
سب دے عیب چھپاون والی اوس دی کملی کالی اے

میریاں امیداں دا گلشن ہریا بھریا رہندا اے
جس دن توں میں سبز گنبد دی ویکھ لئی ہریالی اے

منہ مدینے ولے کر کے کر فریاداں رو رو کے
اوہ سوہنا لج پال ہے جس نے ہر اک دی لج پالی اے

لکھ روے کوئی کر دا بھاویں دل تھیں اللہ اللہ ہو
جے نئیں دل وچہ عشق نبی دا سمجھو بھانڈا خالی اے

نبیاں دے سلطان دے در دا صدقہ جنہوں جڑیا اے
اس خوش بخت گدا دے در دا ویکھیا جگ سوالی اے

مینوں سدھ بدھ ہو نہ کوئی اینی گل سمجھا دیواں
جس تے راضی ہویا سوہناں اوہو کرماں والی اے

اوہدی مثل مثال نہ کوئی اوہدے جیہا لج پال وی نئیں
سوہنیاں دے اوہ سر دا سائیں کوہجیاں دادی والی اے

سدا درود و سلام دے تحفے رب بھیجے جس سوہنے نوں
سب کجھ اوہدی خاطر ہویا اوہ کونین دا والی اے

جھولی وچہ خوشبوآں بھر کے سوہنے نبی دے نام دیاں
مرے شعراں دے گلشن دی مہکی ڈالی اے

دل وچہ عشق دا چانن ہووے فیر نیازیؔ ویکھ ذرا
اوہ سرکار دا روضہ دسدا اوہ روضے دی جالی اے

☆☆☆☆

مجبوراں مہجوراں تائیں کیہڑا دیوے آن دلا سے
کاگ نہ بولن بیٹھ بنیرے میں ویکھاں آسے پاسے
راہ تکدے دیاں اکھیاں تھکیاں میرے مک گئے سارے ہاسے
کول نیازیؔ دے ہن آجا میرے نین چراں سے پیاسے

نورازل دا

کونین دے مالک تے مختار دیاں گلاں
من ٹھار دیاں سب دامن ٹھار گلاں

بن پیتیاں مستاں دا دل مست کری جاون
اس ساقی کوثر دے میخوار دیاں گلاں

دل کردا اے جا پہنچاں سرکار دی چوکھٹ تے
کردا اے جدوں کوئی سرکار دیاں گلاں

ہر درد دا دارو اے ہر غم داداوا اے
اس امت عاصی دے غم خوار دیاں گلاں

پھل بخشش ورحمت دے بن پانی کھڑے رہندے
کی پچھدے او طیبہ دی گلزار دیاں گلاں

جس ویلے مدینے دی مینوں یاد ستاوندی اے
میں چھیڑ کے بہہ جاناں دربار دیاں گلاں

اللہ دی رحمت دے کھل جان گے دروازے
توں پیار تھیں کریا کر سرکار دیاں گلاں

اک شام ابد دی اے اک نور ازل دا اے
محبوب دے گیسو تے رخسار دیاں گلاں

ہے انج تے پتہ سارا سوہنے نوں نیازی دا
دس دیوے کوئی پھر وی لاچار دیاں گلاں

☆☆☆

یہ میکدہ ہے نگاہوں کا جام چلتا ہے
تمہارے نام سے منگتوں کا کام چلتا ہے
جہاں نیازی سہارا کوئی نہیں دیتا
وہاں بھی سرور عالم کا نام چلتا ہے

پڑھائیاں تیرے ناں دیاں

ہر پاسے پیاں نے دہائیاں تیرے ناں دیاں
فرش عرش اتے رشنائیاں تیرے ناں دیاں
تیرا نام لیاں ٹل جاندیاں بلاواں نے
تیرے نام وچ مولا رکھیاں شفاواں نے
شاناں میرے اللہ نے ودھائیاں تیرے ناں دیاں
ہر پاسے پیاں نے دہائیاں تیرے ناں دیاں
کیڈا سوہنا نام تیرا مدنی من موہنیاں
جگ ہویا سونہاں تیرے ناں نال سوہنیاں
عظمتاں نئیں سمجھیاں سودائیاں تیرے ناں دیاں
سہک دے رئے نبی تیری سوہنیاں غلامی نوں
رکھاں سر قدماں اتے رکھیا سلامی نوں

دیتاں نے کنکراں گوائیاں تیرے ناں دیاں
ہر پاسے پیاں نے دہائیاں تیرے ناں دیاں
چانن اونہاں سینیاں چہ رہندے سدا نور دے
بڑے کرم اونہاں اتے دیکھے نے حضور دے
جہناں لوکاں محفلاں سجائیاں تیرے ناں دیاں
ہر پاسے پیاں نے دہائیاں تیرے ناں دیاں
سوہنیاں توں سوہنیاں جگ توں نرالیا
والیا مدینے دیا کالی کملی والیا
شاناں سارے ناںواں توں سوائیاں تیرے ناں دیاں
ہر پاسے پیاں نے دہائیاں تیرے ناں دیاں
چھڈ کے جہاں دے میں قصے تے کہانیاں
توڑ تاڑ سٹیاں میں تسبیاں پرانیاں
جدوں توں میں کیتیاں پڑھائیاں تیرے ناں دیاں
ہر پاسے پیاں نے دہائیاں تیرے ناں دیاں
اکو بوہے بیٹھے رہندے پکے جو اصول دے
دنیا دی شاہی نوں اوہ کدی نئیں قبول دے
جہناں نے وی کیتیاں گدائیاں تیرے ناں دیاں
ہر پاسے پیاں نے دہائیں تیرے ناں دیاں

کھا کھا دوائیاں جیہڑے جگ دیاں اَکے نے
جگ دے طبیب جتھے زور لا کے تھکے نے
او تھے کم آئیاں نے دوائیاں تیرے ناں دیاں
ہر پاسے پیاں نے دہائیاں تیرے ناں دیاں
نظر نیازیؔ کیتی جدوں سرکار نے
پیر پائے ویہڑے میرے مہکدی بہار نے
جنیاں بہاراں آئیاں تیرے ناں دیاں
ہر پاسے پیاں نے دہائیاں تیرے ناں دیاں

☆☆☆☆

بخشا سکوں ہے گنج شکر تیرے جام نے
بے نام کو ہے نام ملا تیرے نام نے
صدقے نیازیؔ شان پہ تیری ہے یا فرید
سہرے تمہارے گائے ہیں خواجہ نظام نے

لج پال نبی

طٰہٰ دیاں شاناں والا نبی بے مثل نبی بے مثال نبی
جاؤ ساری دنیا ویکھ لوو کتے نہیں ایسا لج پال

میں عقل دانائی نہیں منگدا شاہاں دی گدائی نہیں منگدا
میں ساری خدائی نہیں منگدا تیرا منگناں پاک جمال

نہ شان گھٹاؤ یاراں دا سرکار دے خدمت گاراں دا
اوہ محشر تک وی نہیں بجھنے جیہڑے دیوے دتے بال

میں لکھ لکھ صدمے جھل داہاں لکھ لکھ کے چٹھیاں گھل داہاں
رب جانے اپنے روضے تے سدن گے کیہڑے سال

آساں وچہ عمراں بیت گئیاں ہو آئیاں سیاں نال دیاں
میرا مستقبل دیاں آساں وچہ گیا ماضی رووے حال

بنے اوکڑ تے میں ڈول دا نہیں غیراں دے سہارے ٹولدا نہیں
ہر مشکل دے وچہ ہندے نے ہر ویلے میرے نال نبی

نہ ہو کے ہاواں بھریا کر اوہدا ذکر نیازی کریا کر
پھر ویکھیں ہر ہر غم تائیں کیویں پل وچہ دیندے ٹال نبی

کملی والا

دو جگ دا سلطان کملی والا
ساڈا دین ایمان کملی والا
میں صدقے میں استوں واری نال غریباں اوہدی یاری
سب داماں تران کملی والا
اوہدے جیڈ نہ سوہنا کوئی بن ڈٹھیاں میں اوہدی ہوئی
ہے میری جند جان کملی والا
ہے والشمس نبی دا چہرہ چہرے تے یٰسین دا سہرہ
نبیاں چوں ذیشان کملی والا
اوہدے دم دے نال بہاراں کھڑیاں ہر پاسے گلزاراں
وسدا وچہ جہان کملی والا
ڈبے سورج نوں وی موڑے نال اشارے چن نوں توڑے
ویکھن وچہ انسان کملی والا
کملی والا سب توں بالا خلق دا پیکر خلق توں اعلی
خالق دی ہے شان کملی والا

دیریاں لئی دی منگدا خیراں عرش دیاں کر دا اے سیراں
بن رب دا مہمان کملی والا

ایسے کریم توں صدقے جاواں پتھر کھائے دیوے دعاواں
صفتاں وچہ رحمان کملی والا

میری حیاتی اوہدیاں یاداں پلے بھردا نال مراداں
کردا کرم دا دان کملی والا

ذرے دی اوقات نہ کوئی ہور نیازیؔ بات نہ کوئی
میری جان پہچان کملی والا

سہارا یا رسول اللہ

کرو ہن میرے درداں دا وی چارا یا رسول اللہ
بلاؤ مینوں روضے تے خدارا یا رسول اللہ

دلاں تے راج ترا اے ہر اک محتاج تیرا اے
دو عالم دا تیرے در تے گذارا یا رسول اللہ

میری بے چین اکھیاں نوں کدی تے چین آ جاوے
کدی تے خواب وچ ہووے نظارا یا رسول اللہ

قدم چمے نے چن آ کے تے رکھ آئے سلامی لئی
تساں جد وی کدی کیتا اشارہ یا رسول اللہ

بلا کے عرش تے اللہ نے سارے رسولاں چوں
تیری عظمت دا خود کیتا نتارا یا رسول اللہ

بھر و یاداں دے پھلاں نال دامن دل دے گلشن دا
چمن مہکے میرا سارے دا سارا یا رسول اللہ

کھڑا جبریل وی اے دست بستہ تیری چوکھٹ تے
دو عالم توں تیرا افضل دوارا یا رسول اللہ

تیرے گنبد نوں ساری رات چم چم نال کرناں دے
تیرے پڑھدا قصیدے تارا تارا یا رسول اللہ

تیرے ناں دے سہارے تے نیازیؔ موج کرداا ے
تیرے ٹکڑے تے ہے میرا گذرا یا رسول اللہ

دن پھر گئے

آگیا آگیا والی کونین دا بیکساں بے قراراں دے دن پھر گئے
میرے لج پال سوہنے دا ہویا کرم میرے ورگے ہزاروں دے دن پھر گئے

پتے پتے اتے حسن سرکار دا ڈالی ڈالی کرے ورد صلّے علےٰ
ایسی چلی نبی دے کرم دی ہوا پھل مہکے بہاراں دے دن پھر گئے

اللہ اللہ نبی دیاں غمخواریاں اوکڑاں دور ہوئیاں سروں ساریاں
نال سوہنے دے لائیاں جدوں یاریاں کملی والے دے یاراں دے دن پھر گئے

بھاگ جاگے حرا ثور دی غار دے لگے جس دم قدم میری سرکار دے
رو رو منگیاں دعاواں جدا مت لئی کلی امت کی غاراں دے دن پھر گئے

گولڑے شرق پور چورے اجمیر وچہ پاکپتن علی پور تے ،ہجویر وچہ
اوہدے میخواراں کھولے میخانے جدوں میرے جہے بادہ خواراں دے دن پھر گ

کاسے بھردتے سوہنے نے امید دے آ گئے گھر غریباں دے دن عید دے
جام بخشے نبی نے جدوں دید دے مروے جاندے بیماراں دے دن پھر گ

نہ پلاون دیاں تے نہ پینے دیاں گلاں کردا ہاں میں تے مدینے دیاں
ایسی نسبت دی دولت نیازی ملی میریاں سوچاں وچاراں دے دن پھر گئے

سلاماں کردا

سوہنے نوں عرش جھک کے رہندا اسلاماں کردا
جبریل مل کے بیٹھا بوہا نبی دے گھر دا

نام نبی دا صدقہ کھانا ایں توں وی میں وی
سوہنے دا نام لے کے ہر کوئی موجاں کردا

اللہ کرے مبارک شاہاں نوں بادشاہی
میرے لئی اے کافی ٹکڑا سخی دے دردا

دیکھو کدوں ہے اوندا پیغام حاضری دا
راہ دیکھنے ہاں چر توں سوہنے دے نامہ بردا

میں پیر چمدا رہندا محبوب کبریا دے
ذرہ کدی بے ہندا اوہدی میں رہ گذر دا

کملا نہ بن دلا توں بہہ جا توں آس لا کے
آوے گا سوہنا اک دن ایویں نہ جا تو مردا

نسبت مری لاثانی مرشد مرا لاثانی!
دامن نیازی ہتھ وچہ ہے میرے بختاور دا

☆☆☆☆

کھلا ہوا یہ میخانہ میرے صابر کا
فرید کا ہے یہ پیمانہ میرے صابر کا
لیا ہے نام جو میں نے تو رقص میں پایا
بڑا عجیب ہے دیوانہ میرے صابر کا

اللہ ہو

جدوں کریئے ذکر مدینے دا
جدوں لب تے اللہ ہو آوے
اوہ موتی بن دا رحمت دا !!
اوہدی یاد چہ اتھرو جو آوے
دربار نبی اللہ غنی !
جتھے ہر دکھیے دی بات نبی !
جہیدی گل نمیں بن دی کدھرے دی
اوہ شہر مدینیوں ہوآوے
اوتھے بن دے کم گداواں دے
بوہے کھلے رہن عطاواں دے
جہدے سر تے بھا خطاواں دے
اوہ جالیاں پھڑ کے رو آوے
کی شان سناواں اس دردا !!
اوہدا ذکر کراں تے دل ٹھردا

اوہدے پیر چمن نوں جی کر دا
سرکار دے دیسوں جو آوے
اوہ موت دے ہتھوں مردا نئیں!
کسے میدانے وی ہردا نئیں
دو گھڑیاں اوہدیاں قدماں وچہ
ہتھ بنھ کے جیہڑا کھلو آوے!
چن مدنی دے دیوانے آں
اوہدے نام دا ورد کمانے آں
تاں ولیاں دے در جانے آں!
ایتھوں نور نبی دی لو آوے!
کدی قول قراراں ڈولے ناں!
جو ویکھے ویکھ کے بولے ناں!
پچھوں عشق دے دیہڑے پیر رکھے
پہلواں عقل دے بوہے ڈھو آوے
سوہنے توں مولا وکھ ناہیں!!
تیری ویکھن والی اکھ ناہیں!
ویکھن وچہ عاشقاں اک تکیا!!
تحریاں دے وچہ دو آوے

کہنے قبر چہ پاونیاں جھاتاں نے
کہنے سنیاں تیریاں باتاں نے
اوتھے کملی والے دے باجھوں !
نہ کم نیازؔی کو آوے ! !

☆☆☆

من گھن من گھن نازاں والیا اساں مجبوراں دیاں عرضاں
دے جا آن شفا دیاں پڑیاں شالا مکن ہجر دیاں مرضاں
غم بوہے چوں جھاتیاں مارن جیئیاں عشق نے پایاں درزاں
غیر دے نال نئیں غرض نیازؔی تیرے نال اساڈیاں غرضاں

سرکاراں دی

کیا بات مری سرکاراں دی　　محبوب مٹھل من ٹھاراں دی

بھلیاں توں چار تے پایا　　ویریاں تائیں یار بنایا
گل کر کے خلق پیاراں دی　　کیا بات مری سرکاراں دی
بیٹھ گیا جتھے دو گھڑیاں　　اوس جگہ نوں رنگناں چڑھیاں
پئی آوے مہک بہاراں دی　　کی بات مری سرکاراں دی

خلق خلوص نبی سرور دا　　ماڑیاں دے ہتھ سر تے دھردا
پکھ کردا اوگہناراں دی　　کیا بات مری سرکاراں دی

موہڑے تے رکھ کمبل کالا　　اوتھے اوندا کملی والا
جتھے محفل سجدی یاراں دی　　کیا بات مری سرکاراں دی

دتا سوہنے سوہنا مرشد پیار اتے من موہناں مرشد
گل بن گئی اے لاچاراں دی کیا بات مری سرکاراں دی

کی منگناں میں ہور نیازیؔ سوہنا رہے میرے تے راضی
میں نوکر ہاں دلداراں دی کیا بات میری سرکاراں دی

☆☆☆☆

بات بگڑی تیری چوکھٹ پہ بنی دیکھی ہے
جھولی منگتوں کی اسی در سے بھری دیکھی ہے
میری آنکھوں میں نیازیؔ کوئی جچتا ہی نہیں
جب سے سرکار مدینہ کی گلی دیکھی ہے

کھڑے ویکھے

اوس در دے سوالی وی ویکھے تے بڑے ویکھے
جبریل جئے جتھے ہتھ بن کے کھڑے ویکھے

کردے نے سدا گلاں اوہ عرش توں پار دیاں
محبوب دے مکتب دے جھنے وی پڑھے ویکھے

سوہنے دی محبت نے رنگ جنہوں چڑھایا اے
اوہدے روپ تے قدرت دے سب رنگ چڑھے ویکھے

اوہ وانگ بلال ہوئے اوہ وانگ اویس ہوئے
تیرے عشق دی اگ اندر جیہڑے دی سڑے ویکھے

جہناں مان ترٹیاں دا توں مان تران ہوویں
اوہ غم دیاں چھلاں وچ کدرے نہ اڑے ویکھے

اوہ محرم راز ہوئے گجھیاں اسراراں دے
سرکار مدینہ تھیں جیہڑے نین لڑے ویکھے

وحدت دے سمندر وچ نت تاریاں لوندے نیں
تیرے عشق دی بحر اندر جیہڑے دی وڑے ویکھے

دنیا دے سہارے توں منہ موڑ کے بیٹھے نیں
ہتھ آپ دی رحمت نے جہناں دے پھڑے ویکھے

لج پال کریماں دی قربان کریمی توں
گلزار بنا آئے جیہڑے لیکھ سڑے ویکھے

دربار نبی ورگی نہیں شان کسے در دی
دنیا چہ نیازی میں دربار بڑے ویکھے

☆☆☆

بخشش کا میرے مولا نے سامان کر دیا
اپنے نبی کا مجھ کو ثنا خوان کر دیا،
بتلا کے مصطفیٰ نے سوالات کے جواب
پرچہ حساب کا بڑا آسان کر دیا

کھری ہووے

اک آس میری مولا پوری تے کدی ہو وے
میراں دی صدا دیواں میراں دی گلی ہو وے

میراں تیری محفل چوں خالی نہ کوئی جا وے
جوآیا اے ہر اک دی اج جھولی بھری ہو وے

اوہدی شان تے عظمت دا کی پچھدا ایں میرے توں
گن گاوندا اے میراں دے بھاویں کوئی ولی ہووے

اک وار جے ویکھ لواں بغداد دے والی نوں
چا چا نواں نوں چڑھ جاون قسمت وی کھری ہووے

میراں تیرے بوہے توں جاواں تے کتھے جاواں
گھر غیر داتاں ویکھاں تیرے گھر جے کمی ہووے

بندہ ہاں میں مولا دا منگتا ہاں میں میراں دا
سوہنے دا میں امتی ہاں مینوں کیوں نہ خوشی ہووے

بغداد دیا شاہا پا جایا کریں پھیرا
جتھے وی تیری محفل یا میراں سجی ہو وے

اس گھر چہ بلاواں دا کدی پیر نہیں پے سکدا
رکھوالا جیہدے گھر دا خود غوث جلی ہو وے

ہتھ جوڑ نیازیؔ میں میراں نوں کراں عرضاں
منگتا تیری چوکھٹ دا دنیا دا سخی ہو وے

یار بڑے

میں مرشد دا پلا پھڑیا سرتوں لہہ گئے میرے بھار بڑے
اک میرے اس یار دے صدقے بن گئے میرے یار بڑے

کسے نئیں تیرے درد ونڈا نے کسے نئیں پچھنا حال تیرا
یار دے غم نوں سینے لا لے پھیر تیرے غم خوار بڑے

میں مانگت ہاں تیرے کرم دا میں نئیں ہور کسے وی کم دا
تیری ذات تے اللہ جانے مان مینوں سرکار بڑے

ساڈیاں عیباں ول نہ جاویں اپنے کرم دا خیر چا پاویں
تیری آس تے ٹردے پھردے میں جئے او گنہگار بڑے

جے سرکار دی ہووے مرضی پھیر مدینے جاواں میں وی
ہو جاوے جے نظر کرم دی جا پہنچاں دربار بڑے

ویکھیں اپنا آپ بچاویں سنبھل سنبھل کے قدم ٹکاویں
عشق دی راہ وچہ قدم قدم تے ہو جاندے نے وار بڑے

خبرے نظراں نال پلا کے کی کر چھڈیا ساقی نے
چار چوفیرے ہو حق کر دے پھردے نے میخوار بڑے

بھر لو جھولیاں او گنہارو رب دی رحمت نال تسیں
پشلی راتیں کھل جاندے نے رحمت دے بازار بڑے

بن گئی مری بات نیازؔی ہوگیا میرا مرشد راضی
پالیا یار تھیں پیار جدوں دایں سنگ کردے پیار بڑے

☆☆☆

دنیا بھی ملی دیں بھی ملا ہے تیرے در سے
بخشش کی سند پائی تو پائی تیرے گھر سے
اے باد صبا والئ کونین سے کہنا
ہے عرض نیازؔی کی گذر جاؤ ادھر سے

اکسیر ہو جاواں

میں لج پالاں کریماں دے دوارے تے صدا کرنا
سخی دربار دا صدقہ کرم نام خدا کرنا

سخی نئیں موڑ دے خالی کدی در توں سوالی توں
کریماں دی ایہہ عادت ہے صدا سناں عطا کرنا

میں گندہ مندہ جو وی ہاں سخی دا نام لیوا ہاں
تسیں لج پال ہو میرے کرم دی انتہا کرنا

مرا مرشد ہے لاثانی مری قسمت ہے لاثانی
میں رکھ سجدے چہ پیشانی سدا شکر خدا کرنا

ایہہ میرا مان رکھ لیندے مری جھولی نوں بھر دیندے
ایناں پاکاں دے در اتے جدوں میں التجا کرنا

مرے دکھ درد تے غم نے مری قسمت دی کھیڑی وچہ
مسیحا ہو تُسیں مرے مرے غم دی دوا کرنا

اسیں منگدے کیویں تھکئے تُسیں ونڈ دے نہ تھکدے او
شہنشاہاں نوں سجدا اے عطاواں تے عطا کرنا

تیری نظر کرم ہو وے تے میں اکسیر ہو جاواں
تُسیں ایہہ جان دے ہو کس طراں کھوٹا کھرا کرنا

نیازیؔ میری بخشش لئی قسم ربدی ایہہ کافی اے
قصیدے پڑھناں ولیاں دے ثنائے مصطفےٰ کرنا

☆☆☆☆

اغیار کریں گے نہ کبھی یار کریں گے
جو لطف و کرم سید ابرار کریں گے
جھکتا ہے تیرے نام مقدس پہ مرا سر
یہ جرم نیازیؔ ہے تو سو بار کریں گے

اپنے مخلص دوست محمد امین اعوان صبور شریف کی فرمائش پر لکھی

منقبت

درشان پیر طریقت ارشاد حسین صاحب چوراہی؎

لج پال سخی ارشاد پیا جند ہر دم تینوں یاد کرے
کدی موڑ مہاراں لے ساراں اکھ رووے دل فریاد کرے
سن عرضاں اوگنہار دیاں آ خبراں لے بیمار دیاں
مینوں تاہنگاں نے دیدار دیاں لوں لوں ارشاد ارشاد کرے
دل چورہ چورہ ہوئے نے بڑا نین نمانے روئے نے
بناں وارثاں کوئی وارث نئیں جیہڑا دکھیاں دا دل شاد کرے
جیویں سنیاں نعتاں یار دیاں محبوب مٹھل من ٹھار دیاں
اوہ اج وی چیتے اوندا اے کوئی جد محفل میلاد کرے
نت لگن میلے یاراں دے پھل مہکن تیرے پیاراں دے
سدا موسم رہن بہاراں دے تیرا چمن خدا آباد کرے
وچہ قبر حشر دے ڈولن ناں اعمال میرے مینوں رولن ناں
تیرے سنگیاں ساتھیاں یاراں دی اللہ ہرتھاں تے امداد کرے
ایمان ہے ایہو نیازی دا اس دل دی مہکی رہندی فضا
جتھے ڈیرا تیریاں یاداں دا اوہنوں کیویں خزاں برباد کرے

پڑھیاں نے

کھلا اے در میخانے دا رحمت دیاں لگیاں جھڑیاں نے
کئی پی پی ایتھوں ٹر گئیاں کئی وچہ اڈیکاں کھڑیاں نے

تینوں واعظ قصے جنت دے ساڈی جنت یار دے قدماں وچہ
توں ہور کتاباں پڑھیاں نے اسیں ہور کتاباں پڑھیاں نے

تک تک کے چہرہ مرشد دا اج رنجھاں لاہ لو خوش بختو
مڑ آون آون نہ آون ایہہ کرماں والیاں گھڑیاں نے

عقلاں دیاں سوچاں کچیاں نے گلاں عاشقاں کیتیاں سچیاں نے
جے نچناں پیا تے نچیاں نے جو عشق دے ویڑے وڑیاں نے

جے یار دی لوڑ تے لوڑ ہووے گل ہور دی ہور دی ہور ہووے
جہدی مرشد دے ہتھ ڈور ہووے اوہو گڈیاں اچیاں چڑھیاں نے

ٹھنڈ پئے جائے میرے سینے نوں جاواں مڑ کے شہر مدینے نوں
چماں جا کے عرش دے زینے نوں میرے دل وچہ آساں بڑیاں نے

کوئی ہور نگاہواں وچہ میری بچیا نئیں ہن تک رب جانے
جس دن توں نیازؔی ایہہ اکھیاں اس سوہنے دے نال لڑیاں نے

○

کملی والیا ہجر تیرے وچہ اساں رو رو کملے ہوئے
اشکاں دے لے ہیرے موتی اٹھ پچھلی رات پروئے
تیری وچہ اڈیک میں دل دے نہیں حالی بوہے ڈھوئے
من گھن عرض نیازیؔ دی وی کدی آ جا لوئے لوئے

○

محبوباں دے ہو کے رہئے کدی غیراں کول نہ بہئے
سن دے رہئے بات سجن دی کدی اپنی بات نہ کہئے
جے نچیاں گل بن دی ہووے پیریں گھنگھرو وی پا لیئے
یار دا در نہ چھڈیئے نیازیؔ سدا اوندے جاندے رہئے

○

جے چاہوے کوئی قرب سجن دا اٹھ پچھلی راتیں رووے
رو رو یاد سجن وچہ ہر دم داغ ہجر دے دھووے
خبرے ماہی کدھر آ جائے بوہے دل دے کدی نہ ڈھووے
میرا کی اے یار نیازیؔ اوہدا وال ونگا نہ ہووے

○

یاریاں لا کے توڑ نبھائیے نہ بنیئے جگ دا ہاسہ
اکو در تے بیٹھے رہیئے نہ در در پھڑیئے کاسہ
کھیڑیاں دا نہ کریئے کھیڑا چنگا رانجن یار دا پاسہ
ساتھ نیازؔی اوس دا چنگا جیہڑا دھوکا دیوے نہ ماسہ

○

اوہناں کولوں نیئں فیض کسے نوں جیہڑے ہوون لوک کمینے
مونہوں مٹھا مٹھا بولن وچہ دل دے رکھدے کینے
مل جاون تے جھک جھک ملدے نیئں صاف نیازؔی سینے
اونہاں دا دل نیئں کعبہ بن دا بھاویں لے جاؤ توڑ مدینے

○

جا آکھو محبوب میرے نوں کدی لے ترڑی دیاں ساراں
کتھے ٹرجاں کہنوں آکھاں کلی جند نوں دکھ ہزاراں
واسطہ رب دامن دا سجناں ہن چھیتی موڑ مہاراں
جے توں آویں یار نیازؔی میرے گھر وچ اون بہاراں

○

مالی جناں دا سر تے ہو وے اوہ گلشن رہندے ساوے
مہکاں ونڈے پھلاں دا نگر جد ہتھ کنڈیاں نوں لاوے
اوتھے رہن بہاراں کھڑیاں جتھے اپنا قدم ٹکاوے
قدم خزاں ئیں پاوندی اوتھے جتھے سوہنا جھات چا پاوے
ویکھ سوہنے نوں چمن دے اندر ہوا مستیاں ونڈ دی آوے
اوہ گلشن کس کار نیازیؔ جتھے یار نہ آوے جاوے

○

واہ لج پال مدینے والا اوہدے ورگا ہور نہ کوئی
شان نبی وچہ فرق جو پاوے اوہدے ورگا چور نہ کوئی
من ماہی میں کیویں بھاواں میری چنگی ٹور نہ کوئی
اوہدے کرم دی بات نیازیؔ میرا اپنا زور نہ کوئی

○

اوہدے حسن دی بات کی پچھناں اوہدے سوہنے سوہنے گولے
اوہدی صورت تے سورتاں بنیاں سوہنا بولے یا نہ بولے
تو تنقیداں اوس تے کرناں جیہڑا تیرے عیب نہ پھولے
پھل کھڑدے نیں اودوں نیازیؔ سوہنا جدوں زبان نوں کھولے

○

اوہ نہیں لگدا عقل دے آکھے جنہوں عشق پڑھائیاں پٹیاں
بن کے گاہک دیوانے آ گئے جتھے عشق نے کھولیاں ہٹیاں
لکھ لکھ نام سجن دا دل تے سب زیراں زبراں رٹیاں
راضی کیتا یار نیازیؔ اساں ایہو کھٹیاں کھٹیاں

○

واردے ہر شے یار اپنے جے جتنی عشق دی بازی
یار دے ناں دی نیت کھلو جا تینوں آکھن عشق نمازی
یار کہوے تے گھنگرو پالے پاویں فتوے لاون قاضی
لوک نیازیؔ رس جان بھانویں اساں یارنوں رکھنا راضی

حرف خوشبو

عبدالستار نیازی

نوریہ رضویہ پبلیکیشنز
۱۱- گنج بخش روڈ - لاہور

تزئین و اہتمام

سید شجاعت رسول شاہ قادری

نام کتاب ——— حرف حرف خوشبو

شاعر ——— عبدالستار نیازی

بار اول ——— جولائی 1997ء

بار دوم ——— اپریل 1999ء

بار سوم ——— مارچ 2004ء

تعداد ——— 1100

مطبع ——— اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

کمپیوٹر کوڈ ——— 1N-39

قیمت ———

ملنے کے پتے

نوریہ رضویہ پبلیکیشنز

11 گنج بخش روڈ لاہور فون 7313885

مکتبہ نوریہ رضویہ

گلبرگ اے فیصل آباد فون 626046

"حرف حرف خوشبو"

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رحمتہ اللعالمین ﷺ کی ذات گرامی وہ مرکز محبت ہے، جس کی طرف ہر دور اور ہر علاقے کا سلیم الفطرت انسان کھنچا چلا آتا ہے' ایمان کی اساس کا حوالہ ہو یا اسوہ کامل سے عقیدت کا' دینی تقاضا ہو یا انسانی' روحانی سربلندی کا مرحلہ ہو یا مادی آسودگی کا' ہر انسان اسم قاسم نعمت وجود کا ژلہ ربا ہے' محبت کی یہ مرکزیت بسااوقات ان کو بھی تحریک دیتی ہے جو بظاہر دامن رحمت میں نہیں ہیں کہ ہر وجود ہر حوالے سے مرکز نگاہ ہے' کوئی عقبیٰ کی کامرانیوں کا طلب گار ہے تو کوئی دنیاوی عزت و وقار کا' نگاہیں اسی کی جستجو میں ترسی ترسی ہیں تو دل اس حریم عقیدت کے طواف میں جھکا جھکا ہے' ایک محبت کا جہاں ہے اور ایک ارادت کی دنیا' سب ایک ذات کے گرد پروانہ وار سرگرداں ہیں کہ سکون قلب و نظر اسی کو دیکھنے' جاننے اور تسلیم کرنے میں ہے' جذبوں کا سماں ایک سا ہے تفاوت تو قوت اظہار کی صلاحیت کا ہے' کوئی عربی میں محو ثنا ہے تو کوئی فارسی میں کسی نے نثر کو وسیلہ بنایا ہے تو کسی نے شعری کو' ممدوح ایک ہے مداحین کا شمار نہیں' ہر مدح نگار اپنے جذبات' خیالات' الفاظ اور اسلوب کی دنیا مہکا رہا ہے' کوئی حرفوں کا نذرانہ لئے ہوئے ہے تو کوئی صورت کا' لفظ باادب ہیں' لہجہ پروقار ہے' جبین عقیدت عطر بیز ہے اور آہنگ و صوت میں تمکنت ہے' یہ سلسلہ صدیوں سے جاری ہے اور ابد تک کو محیط ہے' خوش قسمت ہیں وہ افراد جو مرکز محبت کی شناخت میں دیر نہیں کرتے اور لائق اقرام ہیں وہ مدح جو اس بارگاہ جمال کو ہم وقت نظروں میں سمائے ہیں' ان کی سوچ کا ہر ثانیہ باج گزار ہے اور ان کے نطق کی ہر لرزش پابند آداب ہے'   وطن عزیز کا ہر شہر نعت کی زمزمہ پیائیوں سے مہک رہا ہے کہ سب کے دل ایک جانب جھکے ہیں۔ ایک کشش' ایک تڑپ اور ایک ولولہ سب کو مخمور کئے ہوئے ہے' شیخ اکبر علیہ الرحمتہ نے سچ کہا تھا:

یا من ھو للقلوب مقناطیس

لاہور کو اعظم چشتی مرحوم کی ذات کا حوالہ ملا کہ ان کی آواز فاصلوں کو عبور کرتی دور دو
تک پیغام محبت بنی رہی' آواز کا سوز لفظوں کے تقدس میں شامل ہوا تو دلوں پر دستک دیئے گ
اعظم چشتی نعت گو بھی تھے اور نعت خوان بھی' یہ روایت حسیں شہر شہر پھیلی اگرچہ بعض
اوقات تکلف کے زمرے میں آئی بایں ہم آواز کا حسن اپنی سطوت منواتا رہا۔ منظور الکونی
کے ذوق رسا نے ایک دبستان پیدا کر دیا' ظہوری قصوری' راقب قصوری کا تسلسل قائم رکھ
میں کامیاب رہے' نعت کی فنی عظمتوں کا اظہار تو ان شعراء کی محبتوں میں ہوا جو غزل سے
لوٹے تھے' تشبیب کے روایتی سلسلے اپنی مراد کو پہنچ گئے تھے' یہ ایک الگ جہان ہے جہاں حفی
تائب کا نام ایک متانت کا حوالہ بنا اور نعتیہ شاعری کو صنف شریف کا درجہ حاصل ہوا' یہ گر
عقیدت منداں خواص و عوام کے دلوں کی دھڑکن بنا' مگر ہمیں تو آج ان کا ذکر کرنا ہے جو عوا
کی مجالس کی رونق بنے' جنہوں نے محافل کو حرف و صوت کے جمال سے پر فضا بنایا' فیصل آبا
کو نعت کے حوالے سے یہ اعزاز حاصل رہا کہ اس میں نعت گو شعراء کی کثیر تعداد موجود رہ
ہے' یہ بلا شبہ شہر نعت ہے جس کی عظمت کا ہر کہیں اعتراف ہوا ہے' نعت خوانی ایک الگ
حوالہ ہے کہ اس میں عوامی ذوق کی تسکین بھی ہے اور جذبات کی تسکین بھی ہے اور جذبات
محبت کی کار فرمائی بھی' الحاج عبدالستار نیازی نعت خوانی میں فیصل آباد کی شناخت ہی نہیں اس
کے افتخار کا بھی حوالہ ہیں' وطن عزیز میں نعت کی محافل کا معتبر نام ہے۔ جس کے لہجہ کا سوز' آوا
کی حلاوت اور طرز ادا کا وقار ہر محفل میں خراج محبت وصول کرتا ہے۔

عبدالستار نیازی کا پہلی بار تذکرہ تب ہوا جب ان کی مدھر' شیریں اور جذاب آواز میں
احسان دانش کی نعت سننے کا اتفاق ہوا ریڈیائی لہروں نے یہ آواز بار بار دوہرائی' ہر سماعت
دوسری سماعت کی خواہش لئے رہی' جب یہ آواز گونجی

کچھ اس طرح سے بزم تمنا سجائی جائے
پلکوں پہ آنسوؤں کی کناری لگائی جائے

تو جذبات مچلنے لگتے اور جب یہ صدا بلند ہوتی کہ

جب میں بجز حضور ﷺ کسی کا نہیں غلام
پھر کیوں کسی کی نازش بے جا اٹھائی جائے

تو پیوستگی کی حرمت یک گیرو محکم گیر کی یکتائی عطا کرتی محسوس ہوتی' اس تعارف کے بعد نعت خوانی کی ہر محفل میں نیازی صاحب سے رشتہ محبت مضبوط تر ہو تا گیا' میں انھیں نعت خوان کی حیثیت سے ہی جانتا تھا کہ ایک مجلس نعت میں ایک طالب علم نے ایک خوبصورت نعت پڑھی' آخر جب نیازی کا تخلص سنا تو خوشگوار حیرت ہوئی' پھر یہ سلسلہ چل نکلا' محافل نعت کے بیشتر نعت خوان انہی کی نعتیں پڑھنے لگے' خود نیازی صاحب کو سنا تو ان کی نعت گوئی کے بھی قائل ہوئے' اب تو اثر آفرینی دو آتشہ تھی' کلام شاعر بزبان شاعر' کا لطف بھی تھا اور لہجے کی رنگینی کا حسن بھی' یہ سماعت نوازی کا سلسلہ کئی سالوں پر محیط ہے' کئی نعتیں سننے کی سعادت حاصل ہوتی رہی' چند روز قبل جب یہ انکشاف ہوا کہ حرف حرف خوشبو' کے نام سے ایک مجموعہ نعت اشاعت پذیر ہے تو گونہ مسرت ہوئی'

"عبدالستار نیازی" کا اسلوب شعر روایتی شاعری سے ہم آہنگ ہے' عقیدت و محبت کا وہی رنگ ہے جو نعت کی محافل کا امتیازی وصف ہے' رواں دواں بحر' دلکش اسلوب' سامعین کے جوش عقیدت کی رعائت' مترنم لہجہ اور سماعتوں کی حلاوت' مضامین شعر' منصب رسالت کے خصائص و شمائل کا حوالہ لئے ہوئے' خیالوں پر معجزانہ وجود کا پرتو اور اظہار میں حسن ارادت کی مہک' کہا جا سکتا ہے نیازی صاحب کے شعروں میں فراق کی چبھن بھی ہے اور حاضری دربار کی سرخوشی بھی' ان کے خیالوں پر گنبد خضرا کا سایہ فگن ہے اس لئے ان کی خواہشوں کا محور شہر محبت ہے۔

ہجر کے ماروں کو کب کوئی دوا اچھی لگی
ہاں مگر شہر محبت کی ہوا اچھی لگی

اسی لئے ان کو در اقدس' کی تمنا اور حاضری کی عظمت کا احساس ہے۔

جب بھی حصار غم کا مجھے توڑنا پڑا
مجھ کو در نبی ﷺ کی طرف دیکھنا پڑا

کہ یہ رحمتوں کا خزینہ ہے جس پر سب کی نظریں لگی ہیں

مواجہ پہ لگی ہیں مری نظریں
تصور آپ کا ہے اور میں ہوں

قلب و نظر کی تمنا یہی ہے

آنکھیں ہوں تیری یاد میں نم اور زیادہ
جھک جائے یہ دل سوئے حرم اور زیادہ
تکتا ہی رہوں گنبد خضری کے میں جلوے
ہو جائے جو تھوڑا سا کرم اور زیادہ

شاعر کو یقین ہے کہ

محبوب خدا سید و سرور کے برابر
لاؤ تو کوئی میرے پیمبر کے برابر
تابانی خورشید فلک خوب ہے لیکن
کیا تاب کہ ہو روئے پیمبر کے برابر

اسی حسرت دیدار کے کئی روپ ہیں، کبھی مواجہ شریف کی جالیاں یاد آتی ہیں، کبھی ک
گلیوں کا خیال آتا ہے اور کبھی توصیف و ثناء کے جذبے سرمستی عطا کرتے ہیں، کبھی ا
سوال کے پر کیف لمحے مخمور کرتے ہیں تو وہ پکارتے ہیں

جب وہ اذن سوال دیتے ہیں
دل کی حسرت نکال دیتے ہیں
آپ بھی بے مثال ہیں آقا
بھیک بھی بے مثال دیتے ہیں
اپنی توصیف کے لئے آقا
کیسے کیسے خیال دیتے ہیں

نیازی صاحب کے ہاں جذبوں کی شدت میں احترام کی حد بندی بڑی نمایاں ہے اور یہی شاعر ک
امتحان ہوتا ہے ان کا ہر شعر محبت کے جذبوں کا امین ہے، دیار نبی ﷺ ہر لمحہ پیش نظر ہے

میں شوق زیارت میں سدا گرم سفر ہوں
یہ شوق کہیں مجھ کو ٹھہرنے نہیں دیتا
بے مانگے ہر ایک کی بھر دیتا ہے جھولی
وہ کوشش اظہار بھی کرنے نہیں دیتا

اور یہ اطمینان انہیں حاصل ہے کہ

ان کی یادوں کے دیپ روشن ہیں
تیرگی مرے گھر نہیں آتی

اور یہ بھی کہ

میں چلا در نبی ﷺ پر جہاں کوئی غم نہیں ہے
جسے دیکھنی ہو جنت مرے ساتھ ساتھ آئے

ور آخر پر یہ افتخار کہ

اس در کی حاضری کو زمانہ گزر گیا
وہ منظر حسیں مگر اب بھی نظر میں ہے
سمجھانہ کوئی رفعت معراج مصطفیٰ
انسان حیرتوں کے ابھی تک سفر میں ہے

اعر کو بہر طور در حبیب ﷺ سے نسبت ہے اور اس کے ہاں وہی ذات تمام رفعتوں، منزلتوں ور عظمتوں کی مرکز ہے کہ ان کے قدموں پر فلک کی رفعتیں نچھاور ہیں، ان کے خدام سکندر سا منزلتوں کے حامل ہیں اور ان کی تعلیمات قرآن حکیم کی شکل میں زندہ و تابندہ ہے۔

لب وا ہوئے نبی کے تو محسوس یوں ہوا
اوراق بولنے لگے ام الکتاب کے

آخر پر نعت گوئی کے حوالے سے مشورہ نہیں ایک خواہش کا اظہار کروں گا کہ فن نعت مسلسل ریاض اور ادبی کاوش کا تقاضا کرتا ہے اس لئے جذبوں کے ساتھ فنی لوازم کی پاسداری کا مزید اہتمام ہونا چاہئے۔

پروفیسر ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی
صدر شعبہ عربی گورنمنٹ کالج فیصل آباد

تقدیس نعت اور عرض تمنا

الحمد للہ نواں مجموعہ نعت پیش کرنے کی سعادت پا رہا ہوں یہ فضل خدا اور محب
خدا ﷺ کے فیض کا صدقہ ہے توصیف مصطفیٰ ﷺ کا حق ادا نہیں ہو سکتا کہ خود خ
کائنات نے ورفعنالک ذکرک کہہ کر نعت کی عظمتوں کا تعین کر دیا ہے اور کائنا
تقدیس نعت واضح کر دی ہے شاعر دربار رسالت حضرت حسان ؓ سے لے کر قیا
تک آنے والے نعت گو شعرا جس قدر بھی لکھ پائیں گے وہ سب اس ورفعنا
ذکرک کے فرمان کی تعمیل ہو گی۔

اللہ تعالیٰ کا کرم ہے اب نعت گوئی کا ذوق عام ہو رہا ہے نعت ہائے رسول م
ﷺ بڑی تیزی سے لکھی جا رہی ہے نعت گوئی کی اس تیزی کے ساتھ نعت خوا
سلسلہ بھی وسیع سے وسیع تر ہوتا جارہا ہے انشاء اللہ آنے والی اکیسویں صدی نعت
صدی ہو گی لیکن اس ارتقائی عمل کے ساتھ بعض امور ایسے بھی ہیں جس کی طر
خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے اور وہ یہ کہ عظمت نعت کے پرچم کو بہرصورت
رکھا جائے اور تقدیس نعت کے تقاضے بہر طور پورے کئے جائیں نعت کو توصیف
مصطفیٰ ﷺ کے دائرے میں رکھا جائے نعت خواں کو اتنا باشعور ضرور ہونا چاہئے کہ
تقدیس نعت کی روح سے آشنا ہو نعت خوانی اور نعت گوئی کو منقبت ہرگز نہ ب
جائے۔

نعت خوانی اب نمود و نمائش کا ذریعہ بنتی جا رہی ہے محافل نعت منعقد کروانے وا
مختلف طبقوں میں بٹ رہے ہیں محافل نعت سننے والوں نے اپنی اپنی پسند کے زاویے قا
کر رکھے ہیں اور وہ اپنی پسند کے نعت خواں کو نوازتے ہیں اور نہیں دیکھتے کہ کیا پڑھا جا

ے کچھ میرے دوست بھی اس محاذ آرائی کے سلسلہ میں کسی سے پیچھے نہیں ہیں ان کی
حافل میں مجھے بھی اس بے اعتنائی کا سامنا کرنا پڑا میں سرکار کے دیوانوں سے استفسار کرتا
وں کہ کیا یہی نعت خوانی ہے محافل نعت میں ایسی محاذ آرائی کی حوصلہ شکنی ہونی چاہئے تا
ر محافل نعت کے تقاضے پورے ہوں نعت سننے سے عشق مصطفیٰ ﷺ کا جذبہ دلوں میں
را ہو مدحت مصطفیٰ ﷺ سن کر آنکھوں کا آنسوؤں سے وضو ہو کہ یہی حاصل نعت
صطفیٰ ﷺ ہے محافل نعت کو بخشش کا ذریعہ بنایا جائے اسے ذاتی تشہیر کا ذریعہ ہرگز نہ بنایا
ے ایک امر یہ بھی قابل توجہ ہے بعض محفلوں میں اہل محفل نعت مصطفیٰ ﷺ سن کر
کت و جامد رہتے ہیں۔ لیکن جب ان کے کسی بزرگ یا پیر کی تعریف بصورت منقبت
وع ہوتی ہے تو ان کے تمام پیکر حرکت میں آ جاتے ہیں اور خود پیر صاحب جن کی
یف ہو رہی ہوتی ہے وہ سامنے موجود ہوتے ہیں میں اس سلسلہ میں بھی کوئی عالمانہ یا
یبانہ بات کہنے سے قاصر ہوں اس طرف بھی عالمان حق کو پوری سنجیدگی کے ساتھ توجہ
ی چاہئے ہمیں بہر صورت بہر منزل تقدیس نعت اور عظمت نعت مصطفیٰ ﷺ کے تقاضے
ے کرنے چاہئیں۔

ان معروضات کے ساتھ میں اپنا تازہ نعتیہ مجموعہ "حرف حرف خوشبو" پیش خدمت کرتا
وں میرا عقیدہ ہے کہ نعت مصطفیٰ ﷺ میں میرا قلم لغزش کا شکار نہیں ہو سکتا اس لئے کہ
ب میں نعت لکھتا ہوں تو میرے پیش نظر گنبد خضریٰ ہوتا ہے بس قلم اٹھاتا ہوں اور قرطاس
بعد عقیدت رکھتا ہوں اور پھر بفیض مصطفیٰ ﷺ نعت مکمل ہو جاتی ہے مجھے اپنی عقیدت
ناز ہے خدا کرے یہ ناز ہمیشہ قائم رہے۔

آمین ثم آمین

نیاز مند

الحاج عبدالستار نیازی

انتساب

عاشق رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

باؤ عبدالرزاق

الرحمت انٹرپرائزز کے نام

ان کی زندگی خوشبوئے پسینہ رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

سے معطر ہے

حمد

سب پہ فضل و کرم ترا اللہ
ذرے ذرے کا تو خدا اللہ

انبیاء اولیاء ترے چاکر
دو جہاں کا تو آسرا اللہ

سب پہ تیرے کرم کے باب کھلے
کس پہ تیری نہیں عطا اللہ

تجھ سے قائم ہے گلشنِ ہستی
پتہ پتہ ترا پتہ اللہ

تو ہی عزت سے سرفراز کرے
ہے کہاں تجھ سا دوسرا اللہ

صدقہ محبوب کا تو سنتا ہے
اپنے بندوں کی التجا اللہ

دل دھڑکتا ہے ذکر سے تیرے
تو ہے ہر سانس میں چھپا اللہ

ترے محبوب کی ثنا خوانی
ہے یہی دین دھرم مرا اللہ

سانس جب تک چلے نیازی کی
دم بدم ہو زباں پہ یا اللہ

○

کیسے بتلاؤں تم کو کہ میرا ہے مقدر جگایا خدا نے
اپنے محبوب پیارے نبی کا امتی ہے بنایا خدا نے

غم کی تاریکیاں تھیں مقدر در بدر جھک رہا تھا میرا سر
غیر کے در سے مجھ کو ہٹا کر اپنے در پہ جھکایا خدا نے

ان گنت ہو رہی ہیں عطائیں، مہکی مہکی ہیں دل کی فضائیں
اپنی یادوں کے پھولوں سے میرے دل کا گلشن سجایا خدا نے

مہرباں ہو گئی رب کی رحمت خوب مجھ پر ہوئی ہے عنایت
سبز گنبد کی بخشی زیارت اپنا گھر بھی دکھایا خدا نے

بحرِ عصیاں میں ڈوبا ہوا تھا اپنی منزل کو بھولا ہوا تھا
صدقہ معراج والے پیا کا سیدھا رستہ دکھایا خدا نے

چاہتوں کے ہیں بخشے خزینے مانگنے کے دیے ہیں قرینے
میرا رخ جس نے موڑا مدینے ایسا مرشد ملایا خدا نے

بخت دیکھے ذرا کوئی میرے میرا دامن بھرا نیکیوں سے
شکر ہے غیر کی مجلسوں سے میرا دامن بچایا خدا نے

نام کیوں کر نہ لوں مصطفیٰ کا جانِ حسنین خیر الوریٰ کا
صدقہ یادِ نبی کی عطا کا دل میرا جگ مگایا خدا نے

یہ نیازی نہیں کوئی سپنا آ گیا کام نام ان کا جپنا
اپنے محبوب کا اور اپنا نام لیوا بنایا خدا نے

○

آج کی شب بڑی سہانی ہے
میں نے نعت نبی سنانی ہے

ساری دنیا میں یا نبی اللہ
کوئی ہمسر تیرا نہ ثانی ہے

آنا جانا رہے مدینے میں
دل کی حسرت بڑی پرانی ہے

فرش کیا عرش پر خدا کی قسم
کملی والے کی حکمرانی ہے

قرب قوسین میں خدا نے شہا
تیری ہر ایک بات مانی ہے

ذات سرکار کی جو شیدا نہیں
وہ جوانی بھی کیا جوانی ہے

چشم گریاں نے کہہ دیا سب کچھ
کتنی اچھی یہ بے زبانی ہے

لوگ کرتے ہیں پیار جو مجھ سے
کملی والے کی مہربانی ہے

جس میں یاد نبی نہ ہو شامل
کتنی بے کیف زندگانی ہے

ادن منی ہے مصطفیٰ کے لئے
طور پر حکم لن ترانی ہے

ہوں نیازی میں ان کا دیوانہ
ساری دنیا میری دیوانی ہے

(۱)

بات بنتی نظر نہیں آتی
کوئی ان کی خبر نہیں آتی

جیسی صورت ہے مرے آقا کی
ایسی صورت نظر نہیں آتی

جو سجائیں درود کی محفل
مفلسی ان کے گھر نہیں آتی

وقت ہے اب نثار ہونے کا
زندگی لوٹ کر نہیں آتی

پہلے ان کی گلی کا بن منگتا
پھر کمی عمر بھی نہیں آتی

ان کی یادوں کے دیپ روشن ہیں
تیرگی مرے گھر نہیں آتی

ایسی خیرات میں نہ لوں آقا
جو ترے نام پر نہیں آتی

اے شبِ ہجر تو ہی بتلا دے
کیوں نویدِ سحر نہیں آتی

ہے عبادت فضول سب تیری
یاد ان کی اگر نہیں آتی

کب نیازی بلائیں گے در پر
ایسی کوئی خبر نہیں آتی

○

خوب انداز ہیں طیبہ کے بیابانوں کے
ان کے کانٹوں پر فدا پھول گلستانوں کے

جو بھی ہیں سرورِ کونین کے در کے منگتے
در نہیں دیکھتے جا کر کبھی سلطانوں کے

بادۂ عشق محمد سے جو سرشار ہوئے
رخ نہیں کرتے کبھی بھول کے مے خانوں کے

ان کے قدموں پہ نچھاور رہے فلک کی رفعت
مرتبے اونچے ہیں سرکار کے دیوانوں کے

ذکرِ سرکار کی محفل ہیں سجاتے رہتے
بخت اچھے ہیں محمد کے ثنا خوانوں کے

کھل دل پہ تری رحمت کے رہیں در ہمہ
پھول کھلتے رہیں آقا مرے ارمانوں کے

گنبد سبز کے کاش میں چوموں در و بام
جا کے لب پہ کھل اٹھے ہیں پھولوں کے

مرے لج پال کے جو چاہنے والے ہوں گے
ان کی قبروں میں اجالے ہی اجالے ہوں گے

روضۂ سرورِ عالم پہ کریں گے جو سوال
ان گداؤں پہ کرم حق کے نرالے ہوں گے

جو گناہ گار سجائیں گے نبی کی محفل
ان پہ سرکار کی رحمت کے دوشالے ہوں گے

کوئی زحمت بھی قریب ان کے نہ آئے گی کبھی
جن کے لب پر تری رحمت کے حوالے ہوں گے

رحمت حق ہمیں دوزخ میں نہ گرنے دے گی
ہم گنہ گاروں کو سرکار سنبھالے ہوں گے

ترے دربار سے خالی نہ کبھی لوٹیں گے
جن کے ہاتھوں میں ترے نام کے پیالے ہوں گے

مئے توحید کے مستوں کا نیازی ہے ہجوم
مرے ساقی نے یہاں جام اچھالے ہوں گے

○

دلوں کے انگناں چڑھی ہے رنگناں ہیں پھول مہکے بہار کے
سجی ہوئی ہے نبی کی محفل کرم ہیں پروردگار کے

کرم کرم تاجدارِ بطحیٰ ہماری جھولی بھرو شہا
تمہارے در پر تمہارے منگتے کھڑے ہیں دامن پسار کے

میں برہا ماری پڑی لحد میں حضور سے التجا کروں
جو آپ آئیں تو جاگ جائیں نصیب مرے مزار کے

غریب پرور مدینے والے ادھر بھی رحمت کی اک نظر
تمہاری محفل سے جائیں آقا نصیب اپنے سنوار کے

جو خاکِ طیبہ کے مرتبے ہیں وہ ماورائے خیال ہیں
شفا سے دامن بھرے ہوئے ہیں درِ نبی کے غبار کے

وہ سبز گنبد کی پیاری چھیاں وہ حاضری کے حسیں مزے
کبھی نہ بھولیں گے دن جو دن ہم مدینے آئے گزار کے

نیازی آوے نہ موہے چیناں ہیں روویں نیناں گھڑی گھڑی
صبا تو جا کے نبی سے کہنا کب آئیں گے دن قرار کے

آئے نبی بہت مگر ان سا کوئی نبی نہیں
جیسے سخی ہیں مصطفیٰ ایسا کوئی سخی نہیں

سب کی خبر ہے آپ کو سب پر نظر ہے آپ کی
جس کو نہ ہو کوئی خبر ایسا مرا نبی نہیں

غیر کی سمت کیوں تکوں دنیا کا کیوں گدا بنوں
اس کا گدا ہوں جس کے گھر دیکھی کوئی کمی نہیں

میری ہر اک خوشی کا راز تیری خوشی میں ہے نہاں
جس میں نہ ہو تری خوشی ایسی خوشی خوشی نہیں

وجہِ قیام دو جہاں رونق بزم کن فکاں
تو ہے مکین لامکاں تری مثال ہی نہیں

نورِ مہ و نجوم میں لالہ و گل کے رنگ میں
کونسی ہے جگہ جہاں جلوہ گری تری نہیں

خواب میں آ گئے کبھی در پہ کبھی بلا لیا
مجھ کو نوازتے نہ ہوں ایسا ہوا کبھی نہیں

زاہدِ خشک کو کہاں اس کی خبر اے دوستو
جس میں نہ ہو خیال یار بندگی بندگی نہیں

جب سے درِ حضور کی مجھ کو ہوئی ہے حاضری
مجھ پر کرم ہیں آپ کے مجھ کو کوئی کمی نہیں

مری نیازی زندگی ہے یہ عطائے مصطفیٰ
ان کا کرم نہ ہو اگر زندگی زندگی نہیں

○

دامن طلب اس لئے پھیلائے ہوئے ہیں
محفل میں عطا بن کے حضور آئے ہوئے ہیں

گیسو تیری رحمت کے جو لہرائے ہوئے ہیں
لگتا ہے مجھے ابر کرم چھائے ہوئے ہیں

اللہ و غنی شہر محبت کی ہوائیں
زخم دل محزوں کی دوا پائے ہوئے ہیں

ہے ان کا خدا ساری خدائی بھی انہی کی
جو سیرت سرکار کو اپنائے ہوئے ہیں

دیکھا تو نہیں ہے انہیں محسوس کیا ہے
اللہ کے محبوب یہاں آئے ہوئے ہیں

اے چشم بہاراں کبھی ان پر بھی توجہ
وہ پھول محبت کے جو مرجھائے ہوئے ہیں

کنعان کا ہو چاند یا ہو چاند فلک کا
سرکار کے آگے سبھی گہنائے ہوئے ہیں

دنیا کے سوا ان سے نہ کچھ مانگ سکے ہم
اب تک اسی اک بات پہ شرمائے ہوئے ہیں

اب جا کے اٹھائیں گے حضوری کے مزے وہ
پیغام مدینے سے جنہیں آئے ہوئے ہیں

بگڑی نہیں پھر ان کے مقدر کی ہوائیں
جو دامن رحمت کی ہوا کھائے ہوئے ہیں

اس بزم میں انوار محمد کی ہے بارش
صد شکر کہ اس بزم میں ہم آئے ہوئے ہیں

اب ہاتھ سے چھوٹے نہ کہیں ہوش کا دامن
ہم سرحد طیبہ کے قریں آئے ہوئے ہیں

لو گنبد خضرٰی بھی لگا دینے دکھائی
ارمان میری روح کو مہکائے ہوئے ہیں

مجھ سے تو نیازی نہ رقم ہوں گے کبھی بھی
جو مجھ پہ کرم آپ نے فرمائے ہوئے ہیں

○

جب بھی حصار غم کا مجھے توڑنا پڑا
مجھ کو در نبی کی طرف دیکھنا پڑا

قسمت سے آ گیا ہوں دیار رسول میں
اوجِ فلک کو میرا قدم چومنا پڑا

جس کو بھی مل سکا نہ قیامت میں آسرا
آخر اسے حضور ہی کو ڈھونڈنا پڑا

امکان کی حدوں سے میں آگے نکل گیا
جب نعت مصطفیٰ کے لئے سوچنا پڑا

یہ معجزہ ہے آپ کے خلق عظیم کا
جو مانتے نہیں تھے انہیں ماننا پڑا

طوفاں کا زور ٹوٹ گیا ان کے فیض سے
خود حادثوں کو پیچھا مرا چھوڑنا پڑا

گم تھا میں ان کے شہر کے حسن و جمال میں
یہ کون درمیان میں اس وقت آ پڑا

جب کنکروں کو آپ نے اذن سخن دیا
مٹھی میں بوجہل کی انہیں بولنا پڑا

اتنا بھرا نبی نے مرا دامن مراد
غیروں کی سمت پھر نہ کبھی دیکھنا پڑا

آؤ کہ کوئی بزم سجائیں حضور کی
دنیا کی محفلوں میں نیازی ہے کیا پڑا

○

مرتبے جو بھی ترے سرورِ دیں جان گیا
ترے قدموں پہ وہ سو جان سے قربان گیا

دولتِ راحتِ دارین وہ آیا لے کر
جو درِ رحمتِ عالم پہ پریشان گیا

عقلِ انساں کی رسائی ہے جہاں ناممکن
اس سے بھی آگے مدینے کا وہ سلطان گیا

سر پر آئی ہوئی اک پل میں ٹلی ہے مشکل
میرا جس وقت شہ دیں کی طرف دھیان گیا

جس نے سرکار کی ادنیٰ سی بھی کی بے ادبی
وہ مسلماں ہے کہاں اس کا تو ایمان گیا

اس پہ قربان ہوئی کون و مکاں کی عظمت
سر کفِ پائے محمد پہ جو قربان گیا

جس کے سینے میں رہی عشق نبی کی دولت
لے کے دنیا سے وہی دولت ایمان گیا

ہو سکا چارہ گروں سے نہ مداوا جس کا
لے کے در سے ترے ہر غم کا وہ درمان گیا

رشک آتا ہے مقدر پہ نیازی اس کے
بن کے سرکار دو عالم کا جو مہمان گیا

○

نہ اس جانب نظر رکھنا نہ اس جانب نظر رکھنا
